Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 15 | جمعرات 27 فروری 2025، 28 شعبان المعظم 1446 ھ۔ قیمت 10 روپے | شمارہ 308

ایئر ڈاکٹرائن: پاک فضائیہ کیلئے نئی نسل کی جنگ طلاکن سیمینار کا عنوان

سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز لاہور کے زیر اہتمام بعنوان ایئر ڈاکٹرائن: پاک فضائیہ کیلئے نئی

ایئر ڈاکٹرائن موجودہ دور کی عسکری حکمت عملیوں کے مرکز میں ہے، اسکا براہ راست تعلق پاک فضائیہ کی مستقبل کی

سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز لاہور 25 فروری 2025 کو ایک فکری نشست کے انعقاد کے بعد شرکاء کا گروپ فوٹو

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز لاہور نے 25 فروری 2025 کو ایک فکری نشست کا اہتمام کیا جس کا عنوان تھا ایئر ڈاکٹرائن: پاک فضائیہ کے لیے نئی نسل کی جنگ میں اطلاق۔ اس سیمینار میں جدید ٹیکنالوجیز، تزویزاتی صف بندیوں اور نظریاتی تبدیلیوں پر غور کیا گیا جو بدلتے ہوئے جنوبی ایشیائی سکیورٹی ماحول میں پاک فضائیہ کی جنگی صلاحیتوں کو مؤثر اور ہم آہنگ بنانے کیلئے ناگزیر ہیں۔ افتتاحی کلمات ڈاکٹر ایئر کموڈور نوید خالق انصاری (ریٹائرڈ)، ڈائریکٹر CASS، نے ادا کیے۔ (بقیہ نمبر 8)

سپریم کورٹ 9 مئی مقدمات پنجاب حکومت کو رپورٹ کیلئے مہلت

اپنے جوڈیشل افسر کو بھی بلا کر موقف سنیں گے، فریقین کو نوٹس جاری کئے بغیر جرمانہ ختم نہیں کر سکتے، سپریم کورٹ

مناسب ہوگا کیس ٹرانسفر کرنے کی اپیلوں پر دوبارہ ہدایات لے لیں، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کے ریمارکس

اسلام آباد (انٹرنیوز) سپریم کورٹ نے 9 مئی عسکری تنصیبات حملوں کیس میں ملزمان کی ضمانت منسوخی کیلئے دائر اپیلوں پر پنجاب حکومت کو رپورٹس جمع کرانے کی مہلت فراہم کردی۔ بدھ کو سپریم کورٹ میں چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے 9 مئی کو راولپنڈی میں عسکری تنصیبات پر حملوں بارے کیس کے ملزمان کی ضمانت منسوخی کیلئے پنجاب حکومت کی دائر اپیلوں پر (بقیہ نمبر 58)

KP حکومت کا پنجاب کے اشتہاری بجٹ تحقیقات کا مطالبہ

کیا پنجاب میں مہنگائی، بیروزگاری ختم ہوچکی، کون سی کارکردگی کی تشہیر کی جارہی ہے، مشیر اطلاعات بیرسٹر سیف

سرکاری اشتہاروں کے ذریعے عوام کا پیسہ دو غیر سیاسی بچوں کو زبردستی لیڈر بنانے پر لٹانا بدقسمتی ہے، بیان

پشاور (انٹرنیوز) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے پنجاب کے اشتہاری بجٹ کی تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ کیا پنجاب میں مہنگائی، بیروزگاری ختم ہوچکی، کون سی کارکردگی کی تشہیر کی جارہی ہے، سرکاری اشتہاروں کے ذریعے عوام کا پیسہ دو غیر سیاسی بچوں کو زبردستی لیڈر بنانے پر لٹانا بدقسمتی ہے۔ جاری بیان میں بیرسٹر سیف نے کہا کہ پنجاب کے غریب عوام کا پیسہ اشتہاروں (بقیہ نمبر 66)

وزیراعظم محمد شہباز شریف کو کانگریس سینٹر تاشقند میں گارڈ آف آنر پیش کیا جارہا ہے

وفاقی وزیر احسن اقبال کو نارووال یونیورسٹی میں نمائش کا معائنہ کررہے ہیں

مریم نواز عوامی خدمت مخالفین بازی میں مصروف، عظمیٰ بخاری

کسی نے ایک سال میں اتنے منصوبے نہیں شروع کئے جتنے مریم نواز مکمل کرچکی ہیں، مشیر اطلاعات پنجاب کا بیان

76 سالہ تاریخ میں کسی حکومت نے اتنے منصوبے شروع نہیں کئے جتنے مریم نواز نے ایک سال میں مکمل کردیئے ہیں

لاہور (انٹرنیوز) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ مریم نواز عوامی خدمت، مخالفین زبان درازی کے ریکارڈ بنا رہے ہیں، کسی نے ایک سال میں اتنے منصوبے نہیں شروع کئے جتنے مریم نواز مکمل کرچکی ہیں۔ جاری بیان میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب حکومت نے ایک سال میں کامیابیوں کے ریکارڈ قائم کئے ہیں، مریم نواز نے سیاست کو خدمت میں تبدیل کرکے نیا ٹرینڈ متعارف کروایا ہے، ایک طرف مریم نواز عوامی خدمت کے ریکارڈ بنا رہی ہیں تو دوسری طرف مخالفین زبان درازی کے ریکارڈ بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 76 سالہ تاریخ میں کسی حکومت نے اتنے منصوبے شروع نہیں کئے جتنے مریم نواز نے ایک سال میں مکمل کردیئے ہیں، پاکستان کے نوجوانوں کو الیکٹرک بائیکس، سکالرشپ، لیپ ٹاپ اور آسان کاروبار کیلئے قرض چاہئے، نوجوانوں کو پٹرول بم، کیلوں والے ڈنڈے نہیں (بقیہ نمبر 7)

پنجاب، دن رات عدالتیں لگانے پر 768 ججز رضامند

مجموعی طور پر پنجاب کے 1747 ماتحت عدلیہ کے ججز کی تعداد ہے

لاہور (آئی آئی پی) پنجاب میں دن رات عدالتیں لگانے پر ماتحت عدلیہ کے 768 ججز نے رضامندی ظاہر کردی جبکہ 979 ججز نے معذرت کرلی۔ چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے بطور چیئرمین نیشنل جوڈیشل پالیسی میکنگ کمیٹی پنجاب کی ماتحت عدالتوں میں 14 لاکھ سے زائد کیسز کو نمٹانے کے لیے ڈبل شفٹ شروع کرنے کی خواہش کا اظہار کیا تھا اور اس سلسلے میں لاہور ہائیکورٹ کے ڈی جی جی ڈسٹرکٹ جوڈیشری نے پنجاب کے تمام سیشن ججز کو مراسلہ بھجوایا تھا۔ پنجاب کے تمام ججز نے اپنی اپنی رپورٹس ڈی جی ڈسٹر (بقیہ نمبر 5)

الحمراء میں پنجابی تھیٹر کا میڈی کے شرکاء مین سینئر اداکار افتخار ٹھاکر اسناد تقسیم کررہے ہیں

سعودی عرب کو دنیا کا سب سے قابل اعتماد ملک قرار دیدیا گیا

سعودی عرب کا سرکاری شعبے میں 87 فیصد اسکور ہے، اس نے بہت سے ترقی یافتہ ممالک کو پیچھے چھوڑ دیا ہے

ایڈلمین ٹرسٹ رپورٹ برائے 2025 کے مطابق سعودی عرب دنیا کے ممالک کے مقابلے میں 69 فیصد کیساتھ نمبرون رہا

نیویارک (انٹرنیشن لڈیسک) سعودی عرب کا سرکاری شعبے میں 87 فیصد اسکور ہے، اس نے بہت سے ترقی یافتہ ممالک کو پیچھے چھوڑ دیا ہے، ایڈلمین ٹرسٹ رپورٹ نیویارک (انٹرنیوز) سعودی عرب کو دنیا کا سب سے قابل اعتماد ملک قرار دیدیا گیا، اس کا سرکاری شعبے میں 87 فیصد اسکور ہے، اس نے بہت سے ترقی یافتہ ممالک کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ ایڈلمین ٹرسٹ رپورٹ برائے 2025 کے مطابق (بقیہ نمبر 52)

سعودی عرب کو دنیا کا سب سے قابل اعتماد ملک قرار دیدیا گیا

اگر ایران ایٹم بم تیار کرتا ہے تو اس سے مشرق وسطیٰ بہت زیادہ عدم استحکام کا شکار ہوجائے گا، اسرائیلی وزیر خارجہ

ایرانی جوہری پروگرام کو روکنے کیلئے اس سے پہلے کہ وہ یورینیم کو جوہری ہتھیاروں کی تیاری کیلئے استعمال کی جائے، ساعر

تل ابیب (انٹرنیوز) اسرائیلی وزیر خارجہ گی دون ساعر نے کہا کہ ایران نے دو جوہری بم بنانے کیلئے کافی یورینیم افزودہ کرلیا ہے، اس کو جوہری ہتھیاروں کی تیاری سے روکنے کے لیے فوجی آپشن کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اسرائیلی وزیر خارجہ نے کہا کہ ایران کے جوہری پروگرام کو روکنے میں ناکامی اسرائیل کی سلامتی کیلئے تباہی ہوگی، اگر ایران ایٹم بم تیار کرتا ہے تو اس سے (بقیہ نمبر 61)

جمعیت اہلحدیث پاکستان کے صدر ہشام الٰہی ظہیر سے سندھ کی معروف روحانی شخصیت پیر یاسین شاہ راشدی ملاقات کررہے ہیں

بلغاریہ نے نئے چینی سال کے موقع پر ڈاک ٹکٹ جاری کردیئے

صوفیہ (شہوا) بلغاریہ پوسٹ نے محکمہ ڈاک کی مرکزی عمارت میں ایک تقریب میں نئے چینی سال، لکڑی کے سانپ کے سال کے موقع پر ایک نیا ڈاک ٹکٹ جاری کیا۔ ایک بی جی این (0.54 امریکی ڈالر) کی معمولی قیمت کے 3600 ٹکٹ جاری کئے گئے، ڈاک ٹکٹ میں سنہری پس منظر میں سانپ اور سرخ چینی گرہ کی تصویر کا امتزاج دکھایا گیا (بقیہ نمبر 53)

واشنگٹن، امریکہ نے بھارت کو بڑا جھٹکا دیدیا

ایران نے لاکھوں بیرل خام تیل بھیجا، جس کی مالیت کروڑوں ڈالر ہے

واشنگٹن (آئی آئی پی) امریکا نے ایران کی پٹرولیم اور پیٹروکیمیکل تجارت میں مبینہ طور پر ملوث ہونے کے الزام میں 4 بھارتی کمپنیوں کیساتھ ساتھ 12 دیگر غیر ملکی اداروں پر پابندیاں عائد کردی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق واشنگٹن کا یہ اقدام ایران کی تیل کی آمدنی کو روکنے کی وسیع تر کوششوں کا حصہ ہے، جس کے بارے میں اس کا کہنا ہے کہ یہ پیسہ عدم استحکام پیدا کرنے والی سرگرمیوں کی مالی اعانت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ایگزیکٹو آرڈرز 13846 اور 13902 کے تحت جاری کی جانے والی پابندیوں میں بھارت، چین، متحدہ عرب امارات، ملائیشیا، سیشلز، لائبیریا اور پاناما کی کمپنیوں کو نشانہ بنایا گیا (بقیہ نمبر 54)

سعودی عرب کو دنیا کا سب سے قابل اعتماد ملک قرار دیدیا گیا

وزیر زراعت ولائیوسٹاک عاشق کرمانی کا ایکسپو سنٹر لاہور میں فوڈ اینڈ ایگریکلچرل نمائش کے موقع پر گروپ فوٹو

امریکی شہریت کے خواہشمند کیلئے گولڈ کارڈ متعارف کرانیکا اعلان

واشنگٹن (انٹرنیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکا کی مستقل شہریت حاصل کرنے کے خواہش مند افراد کیلئے 50 لاکھ ڈالرز کا گولڈ کارڈ متعارف کرانے کا اعلان کردیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اس گولڈ کارڈ کو خرید کر امریکا کی مستقل شہریت حاصل کی جاسکے گی۔ ٹرمپ نے گولڈ کارڈ کو گرین گارڈ سے تشبیہ دیتے ہوئے کہا کہ اس سے ایسے افراد امریکا آئیں گے جو یہاں کے شہریوں کو ملازمت دیں گے۔ امریکی میڈیا (بقیہ نمبر 47)

مصطفیٰ قتل، ڈیفنس کے رہائشی خوف کا شکار، ڈی جی رینجرز کو خط ارسال

کراچی (انٹرنیوز) مصطفیٰ عامر قتل کے بعد خوف وہراس کا شکار ڈیفنس کے رہائشیوں نے ڈی جی رینجرز، آئی جی سندھ و سٹیشن کمانڈر ڈی ایچ اے کراچی سمیت دیگر اعلیٰ حکام کو خط ارسال کردیا۔ ذرائع کے مطابق خط میں کہا گیا ہے کہ حالیہ واقعات کی وجہ سے (بقیہ نمبر 46)

چار ملزموں کی نوجوان کو بیہوش کرکے اجتماعی زیادتی

چیچہ وطنی پولیس نے مقدمہ درج کرکے ایک ملزم کو گرفتار کرلیا ہے

چیچہ وطنی (آئی آئی پی) علاقہ غازی آباد میں چار ملزموں نے سادہ لوح نوجوان کو بیہوش کر کے اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا، پولیس کے مطابق گاؤں 161، نائن ایل میں 18 سالہ نوجوان بھولا کو دو افراد آصف اور عباس ایک مقامی ڈیرہ پر لے گئے اور (بقیہ نمبر 63)

کراچی 9 ویں اور 10 ویں جماعت کے امتحانات کا نیا شیڈول جاری

کراچی (آئی آئی پی) شہر میں نویں اور دسویں جماعت کے امتحانات کا شیڈول تبدیل کردیا گیا۔ محکمہ تعلیم سندھ کی سٹیرنگ کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں میٹرک (بقیہ نمبر 62)

20 سرکاری افسران کے بیرون ملک جانے پر پابندی

سرکاری اداروں میں کرپشن کرنیوالے عناصر کیخلاف فیصلہ کن ایکشن کی تیاری مکمل

کراچی (آئی آئی پی) سندھ کے 20 سرکاری افسران کے بیرون ملک جانے پر پابندی عائد کردی گئی۔ ذرائع کے مطابق سندھ میں زمینوں پر قبضے اور سرکاری اداروں میں کرپشن کرنیوالے عناصر کیخلاف فیصلہ کن ایکشن کی تیاری مکمل کرلی گئی، کرپشن کی مختلف (بقیہ نمبر 64)

بنگلہ دیش کا آزادی کے بعد پہلی بار پاکستان سے براہ راست تجارت کا آغاز

کراچی (آئی آئی پی) بنگلہ دیش نے 1971 میں آزادی کے بعد پہلی بار پاکستان کیساتھ براہ راست تجارت کا آغاز کردیا۔ اس

کیا پیش ہوتے آپکی عزت نفس مجروح ہوتی ہے؟

جسٹس بابر ستار کا وزیراعظم کے پرنسپل سیکرٹری سے استفسار

اسلام آباد (انٹرنیوز) اسلام آباد ہائیکورٹ نے ڈی جی پاکستان سٹینڈرڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی کی تعیناتی کیلئے حکومت کو 3 ہفتے کی مہلت فراہم کردی۔ بدھ کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں جسٹس بابر ستار نے وزارت سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے ذیلی ادارے پاکستان سٹینڈرڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی کے ڈی جی تعیناتی کیس پر سماعت کی، عدالتی حکم پر (بقیہ نمبر 3)

یو اے ای کے ولی عہد شیخ خالد (آج) پاکستان پہنچیں گے

اسلام آباد (انٹرنیوز) یو اے ای کے ولی عہد شیخ خالد بن محمد بن زاید النہیان (آج) جمعرات کو ایک روزہ دورے پر پاکستان پہنچیں گے۔ ولی عہد کا خصوصی طیارہ چکلالہ ایئر بیس پر لینڈ کرے گا جہاں ان کے استقبال (بقیہ نمبر 2)

قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم میں شمولیت پر کیڈٹ عبداللہ کو مبارکباد

ہمارے کیڈٹ اپنے ملک اور اپنے تعلیمی ادارہ کا نام روشن کررہے، کمانڈر صہیب

جھنگ (نمائندہ) کیڈٹ کالج جھنگ کا ایک اور اعزاز کیڈٹ کالج جھنگ میں زیر تعلیم کیڈٹ عبداللہ حسین لاہور قلندر میں سلیکٹ ہونے کے بعد قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم میں بھی سلیکٹ ہوگئے۔ کیڈٹ کالج جھنگ کے سی ای او کمانڈر صہیب فاروق نے پاکستانی انڈر 19 کرکٹ ٹیم میں سلیکٹ ہونے پر کیڈٹ عبداللہ حسین کو مبارکباد دی اور کہا کہ (بقیہ نمبر 42)

قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم میں سلیکٹ ہونیوالے کیڈٹ عبداللہ حسین کی فائل فوٹو

بلغاریہ نے نئے چینی سال کے موقع پر ڈاک ٹکٹ جاری کردیئے

واشنگٹن، امریکہ نے بھارت کو بڑا جھٹکا دیدیا

ایران نے لاکھوں بیرل خام تیل بھیجا، جس کی مالیت کروڑوں ڈالر ہے

پشاور ہائیکورٹ، طاہر صادق کی 6 مارچ تک حفاظتی ضمانت منظور

پشاور (انٹرنیوز) پشاور ہائیکورٹ نے میجر (ر) طاہر صادق کی 6 مارچ تک حفاظتی ضمانت منظور کرتے ہوئے درج مقدمات میں گرفتاری سے روک دیا۔ بدھ کو پشاور ہائیکورٹ نے سابق رکن قومی اسمبلی میجر (ر) طاہر صادق کی ضمانت درخواست پر 2 صفحات پر (بقیہ نمبر 50)

سنیٹر وکیل احسن بھون جوڈیشل کمیشن کے رکن منتخب ہوگئے

اسلام آباد (انٹرنیوز) سینیٹر وکیل احسن بھون 14 ووٹ لے کر جوڈیشل کمیشن کے رکن منتخب ہوگئے، احسن بھون 2 سال کے لیے جوڈیشل کمیشن کے رکن ہوں گے۔ چیئرمین پاکستان بار کونسل منصور عثمان اعوان کی زیر صدارت پاکستان بار کونسل کا اجلاس سپریم کورٹ اسلام آباد میں ہوا جس میں (بقیہ نمبر 55)

کسی کو بھی پاکستان سے محبت نہیں ہے، فاروق ایچ نائیک

اسلام آباد (انٹرنیوز) سینیٹر فاروق ایچ نائیک نے کہا ہے کہ میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ کسی کو بھی پاکستان سے محبت نہیں ہے، ایرانی سفارت خانے کی خاتون نے جو آنکھیں کھول دینے والے حقائق بیان کئے ہیں وہ ہمارے لئے باعث شرم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس میں کیا۔ اجلاس میں اجلاس کے دوران پاک ایران بارڈر پر (بقیہ نمبر 51)

وزیراعظم شہباز شریف کا تاشقند میں گارڈ آف آنر پیشگی کے موقع پر فوٹو

ملزم کی گھر میں گھس کر خاتون سے زیادتی کی کوشش

لاہور (آئی آئی پی) لاہور میں گھر میں گھس کر خاتون سے زیادتی کی کوشش اور دوست کے ساتھ دوست کی بدفعلی کے واقعات پیش آئے ہیں، پولیس نے دونوں واقعات (بقیہ نمبر 49)

پاکستان کی معاشی ترقی کیلئے پرعزم ہوں، وزیراعظم

طالبان اپنی سرزمین پاکستان کیخلاف استعمال ہونے سے روکیں، شہباز شریف

تاشقند (آئی آئی پی) وزیراعظم شہباز شریف نے ایک بار روز دیا ہے کہ افغان عبوری حکومت اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہونے سے روکے کیونکہ افغانستان میں امن واستحکام خطے کے مفاد میں ہے۔ ازبکستان میں مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ دونوں ملکوں کی (بقیہ نمبر 57)

فیصل آباد۔ کمشنر فیصل آباد مریم خان کی ہدایت پر ڈویژن میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس ناجائز منافع خوروں کے خلاف کارروائی میں مصروف ہیں

پیٹرولیم ڈیلرز سندھ کی بھی ملک گیر ہڑتال کی حمایت

ڈی ریگولیشن کے خلاف ملک کے ہر ضلع میں احتجاج جاری ہے

اسلام آباد (آئی آئی پی) آل پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن سندھ نے بھی ڈی ریگولیشن کیخلاف 4 مارچ کی ہڑتال کی حمایت کا اعلان کردیا۔ آل پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن سندھ کی سینئر ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن رضا عباس نے مرکزی رہنما نعمان بٹ و دیگر رہنماں کے ہمراہ پریس کانفرنس میں کہا کہ 4 مارچ سے شروع ہونے والی ملک گیر (بقیہ نمبر 45)

دنیا کا مہنگا اسکول، جس کی سالانہ فیس تقریباً 5 کروڑ روپے

یہ سکول سوئٹزرلینڈ کے ٹاپ 10 بین الاقوامی اسکولوں میں شامل ہے

برن (آئی آئی پی) دنیا کا سب سے مہنگا اسکول، جس کی سالانہ فیس تقریباً 5 کروڑ روپے ہے، دنیا کے اس سب سے مہنگے اسکول کا کلیش امبانی اور نیتا امبانی کا اسکول بھی مقابلہ نہیں کرسکتا۔ یہ معلومات اسپیرز لسٹ نے فراہم کی ہیں، جس نے دنیا کے سب سے مہنگے اسکولوں پر تفصیل سے تحقیق کی ہے اور 6 اداروں کی فہرست فراہم کی ہے جو (بقیہ نمبر 48)

ملزم کی گھر میں گھس کر خاتون سے زیادتی کی کوشش

پاکستان کی معاشی ترقی کیلئے پرعزم ہوں، وزیراعظم

طالبان اپنی سرزمین پاکستان کیخلاف استعمال ہونے سے روکیں، شہباز شریف

بھارتی طیارے گرانیوالے پائلٹس کو خراج عقیدت، قرارداد سندھ اسمبلی میں جمع

لاہور (انٹرنیوز) ستائیس فروری کو بھارتی طیارے گرانے والے پاک فضائیہ کے جانثار پائلٹس کو خراج عقیدت پیش کرنے کی قرارداد سندھ اسمبلی میں جمع کرادی گئی۔ ایم کیو ایم کی جانب سے جمع کرائی گئی قرارداد میں کہا گیا ہے کہ ونگ کمانڈر نعمان علی اور (بقیہ نمبر 67)

غزہ، طلبہ کا کتب کے بغیر تباہ شدہ سکولوں میں تعلیم کا آغاز

بدقسمتی سے ہمیں کلاس رومز اور تباہ شدہ دیواروں کی باقیات کے علاوہ کچھ نہیں مل

غزہ (شہوا) غزہ کے طالب علم یوفیارم اور درسی کتابوں کے بغیر حال ہی میں اپنے تباہ شدہ سکولوں میں واپس آئے ہیں جہاں وہ اسرائیلی جنگ کی وجہ سے پیدا ہونیوالے مسائل کو نظرانداز کرتے ہوئے اپنی تعلیم دوبارہ شروع کررہے ہیں۔ وسطی غزہ کے البریج کیمپ سے تعلق رکھنے والے 13 سالہ طالب علم صہاب ان سینکڑوں طالب علموں میں سے ایک ہے (بقیہ نمبر 59)

سندھ محکمہ تعلیم نے ماہ رمضان کیلئے سکولوں کے اوقات کار جاری کردیئے

کراچی (انٹرنیوز) محکمہ تعلیم سندھ نے ماہ رمضان کیلئے سکولوں کے اوقات کار جاری کر دیئے۔ جاری بیان کے مطابق سنگل شفٹ والے پرائمری سکول صبح 8 سے 30:1 بجے تک جبکہ جمعہ کو 8 سے 30:11 بجے تک سکول کھلے رہیں گے۔ ڈبل شفٹ پرائمری (بقیہ نمبر 40)

چین، اعلیٰ معیار کی ترقی کیلئے نجی شعبے کی قوت کا فروغ

نجی کاروباری ادارے اور نجی سرمایہ کار "ہمارے اپنے خاندان سے تعلق رکھتے ہیں"

بیجنگ (شہوا) چین کے اعلیٰ قانون ساز اور سیاسی مشاورتی ادارے کے سالانہ اجلاسوں سے نصف ماہ قبل نجی کاروباروں کی بھرپور حمایت کے حوالے سے اعلیٰ معیار کے سمپوزیم کا اہتمام کیا گیا۔ سمپوزیم میں چین کے صدر شی جن پھنگ شریک ہوئے۔ سمپوزیم میں اعتماد میں اضافے اور نجی شعبے کی ترقی کو فروغ دینے کے چینی حکام کے تازہ ترین اقدام کو اجاگر کیا گیا (بقیہ نمبر 60)

پنجاب یونیورسٹی، ڈائریکٹر آئی ای آر کے دفتر پر حملہ کرنیوالے دو مرکزی ملزمان گرفتار

لاہور (انٹرنیوز) پولیس نے پنجاب یونیورسٹی میں ڈائریکٹر آئی ای آر کے دفتر پر حملہ کرنیوالے 2 مرکزی ملزمان گرفتار کرلئے۔

جج کی بیٹی شانزے ملک کو ہٹ اینڈ رن کیس میں بری

ہٹ اینڈ رن کیس میں ملوث ہائیکورٹ کی لگژری گاڑی سے 2 افراد ہلاک ہوئے تھے

اسلام آباد (آئی آئی پی) اسلام آباد کی مقامی عدالت نے سپریم کورٹ کے جج جسٹس ملک شہزاد احمد خان کی صاحبزادی شانزے ملک کو ہائی پروفائل ہٹ اینڈ رن کیس میں بری کردیا، اس حادثے میں 2 افراد جاں بحق ہوئے تھے۔ فیصلہ جوڈیشل مجسٹریٹ عدنان (بقیہ نمبر 56)

AWAMI HOST
A WHOLE SALE HOSTING COMPANY
Visit now: www.awamihost.top

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
سی پینل اور ورڈپریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
Call / Whatsapp 0309-7900035
E-Commerce Website Price: 6000/-

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پاک آذربائیجان اقتصادی معاہدے

پاکستان باقی دنیا کیلئے معدنی دولت سے مالا مال وسط ایشیا تک رسائی کے دروازے کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ وہ دروازہ ہے جو وسطی ایشیا کے ملکوں کیلئے بھی بین الاقوامی رابطوں خصوصاً تجارت کے رابطے کھولتا ہے۔ اس لحاظ سے پاکستان اور سینٹرل ایشیا کے ممالک ایک دوسرے کیلئے معاشی ترقی وخوشحالی کی شہ رگ کا درجہ رکھتے ہیں۔ پاکستان اپنی معیشت کی زبوں حالی کے باعث اس وقت جن مشکلات کا شکار ہے، ان پر قابو پانے کیلئے موجودہ حکومت دن رات کوشاں ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف اسی مقصد کیلئے وسط ایشیا کے ایک اہم ملک آذربائیجان کے دوروزہ دورے پر ہیں۔ آذربائیجان کے دارالحکومت باکو میں آذری صدر الہام علیوف سے ان کی ملاقات کے دوران کثیرالجہتی تعاون کے کئی معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے ہیں۔ جن کی رو سے پاکستان میں آذربائیجان کی جانب سے 2 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری سے متعلق امور کو حتمی شکل دینے، دوطرفہ تجارتی حجم کو بڑھانے اور مشترکہ دفاعی پیداوار کو فروغ دینے پر اتفاق ہوگیا ہے۔ تعاون کے ان منصوبوں کو اپریل میں صدر الہام علیوف کے دورہ پاکستان کے دوران عملی شکل دی جائے گی اور حتمی دستاویزات پر دستخط کیے جائیں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے آذری صدر کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس میں اعلان کیا ہے کہ وہ ان منصوبوں پر عمل درآمد کی خود نگرانی کریں گیا وران کی کامیابی کو یقینی بنائیں گے۔ دارالحکومت باکو میں پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان تیل وگیس، زراعت، ماحول کے تحفظ، سیاحت، تعلیم اور سائنس وٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کیلئے متعدد معاہدوں اور تعاون کی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے۔ ایک معاہدے کے تحت آذربائیجان کی کمپنی کراچی سے شمالی علاقوں تک تیل کی پائپ لائن بچھائے گی۔ اس وقت دونوں ملکوں میں 14 ملین ڈالر کی دوطرفہ تجارت ہورہی ہے، جسے دوارب ڈالر تک بڑھایا جائے گا۔ پاکستان سے آذربائیجان کو باسمتی چاول برآمد کیا جائے گا۔ آذربائیجان کے صدر نے اس سلسلے میں پاکستانی چاول پر درآمدی ڈیوٹی ختم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ایک اور معاہدے کے تحت مشترکہ ڈیفنس مینوفیکچرنگ فیسلٹی قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جس سے اس شعبے میں تعاون کو فروغ حاصل ہوگا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پریس کانفرنس میں اس یقین کا اظہار کیا کہ مفاہمت کی یادداشتوں سے دونوں ملکوں کیا ہی تعلقات مضبوط بنانے میں مدد ملے گی۔ نہ صرف باہمی اقتصادی اور تجارتی روابط مضبوط ہوں گے، بلکہ دنیا میں امن، ترقی اور خوشحالی آئے گی۔ وزیراعظم نیپاک آذرمشترکہ بزنس فورم سے خطاب کے دوران پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع اور سازگار ماحول پر روشنی ڈالی۔ آذری صدر سے ملاقات کے دوران انھوں نے نگورا کاراباغ کے مسئلہ پر آذربائیجان کی حمایت کا اعادہ کیا اور کشمیر پر آذری حمایت کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے دفاعی سازوسامان کی مشترکہ تیاری کو دونوں ملکوں کے تعلقات میں اہم سنگ میل قرار دیا۔ فلسطین کے مسئلے پر انہوں نے اس دھرتی کے اصل مکینوں کے حق حاکمیت کی حمایت کی اور دو ریاستی حل کو قابل قبول قرار دیا۔ موجودہ حکومت معیشت کی بحالی کیلئے جو اقدامات کررہی ہے، آذربائیجان اور دوسرے وسطی ایشیائی مسلم ممالک سے تعاون کا حصول اس سلسلے کی اہم ترین کڑی ہے۔ اس سے پہلے عرب ممالک اور چین سے اقتصادی اور تجارتی روابط مضبوط بنانے کیلئے کئی اقدامات کئے گئے، جن سے ملکی معیشت زبوں حالی سے نکل کر استحکام کی راہ پر گامزن ہوچکی ہے، تاہم اس سلسلے میں ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے، جس کیلئے حکومت کو اپنی کوششیں درست سمت میں جاری رکھنی چاہئیں۔

کرپٹوکرنسی؟

ایجادات واختراعات کے ہنگام میں دنیا کیہر لمحے بدلتے طور طریق جہاں ترقی کے سفر کو آسان بنانے اور ہر شعبے کی کارکردگی تیز تر کرنے کا ذریعہ ہیں وہاں پرانے قوانین اور ضابطوں کو نئے دور کی حکمت عملیوں سے بدلنے کی ضرورت بھی اجاگر کرتے ہیں۔ کیش لیس معیشت میں محض اعداد کی ایک کھاتے سے دوسرے کھاتے میں منتقلی کے طریق کار نے جہاں تجارتی لین دین کیلئے کرنسی گننے اور منتقل کرنے کی محنت اور وقت کو بچالیا وہاں اس باب میں قانون سازی کی ضرورت بھی نمایاں کی ہے۔ کرپٹوکرنسی کے نام سے پاکستان سمیت دنیا کے بیشتر ممالک میں غیررسمی طور پر رائج لین دین کے نئے ذریعے کیحامیوں میں امریکی صدر ٹرمپ سمیت دنیا کے بہت سے لوگ شامل ہیں۔ پاکستان بینکس ایسوسی ایشن کے زیراہتمام کراچی میں منعقدہ بینکنگ سمٹ 2025 میں اس باب میں وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگ زیب کا کہنا تھا کہ ڈیجیٹل بینکاری میں پیش رفت کیبعد اب کرپٹوکرنسی متعارف کرانے کے ممکنہ طریقوں اور اس امر پر توجہ مرکوز کی جانی چاہئے کہ مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل اثاثوں کے ساتھ کیسے آگے بڑھنا ہے۔ وزیرخزانہ کے بموجب بیشتر ابھرتی معیشتیں تبدیلی کے عمل سے گزر رہی ہیں، معیشت کا ڈیجیٹل ہونا درحقیقت اصل ہدف تک پہنچنے کا ذریعہ ہے جو بہتر، سستا اور تیز تر ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ پاکستان کیش لیس سسٹم کی طرف بڑھنے کیلئے پرعزم ہے۔ یہ منزل ڈیجیٹل بینکاری کا سفر آگے بڑھا کر اور پوائنٹ آف سیل مشینوں اور کیوآرکوڈز کی وسیع پیمانے پر تعیناتی یقینی بنا کر حاصل کی جائے گی۔ وزیر خزانہ کے مذکورہ ریمارکس اسٹیٹ بینک، کی ان کاوشوں سے ہم آہنگ ہیں جو کرنسی ڈیجیٹلائز کرنے کیلئے دوسال سے مختلف صورتوں میں جاری ہیں۔ پاکستان اپنی معیشت بہتر و مستحکم بنانے کی جوکوششیں کررہا ہے، اس کے ضمن اسے زمانے کے آگے نکل جانے کا انتظار نہیں کرنا، تیز تر سفر کے ذریعے خود اگلی منزلیں سر کرنا ہیں۔

بھی ھے.....!

کیوں کہیں ہم ، نہیں ہوا کچھ بھی
ملک میں کچھ نہ کچھ ہوا بھی ہے
ہیں ادھر لوگ خوش، ادھر ناخوش
حال اچھا بھی ہے، برا بھی ہے

انور شعور

یقیناً یہ سازش ہے!

فیضِ عام
سہیل وڑائچ
suhail.warraich@dunya.com.pk

تضادستان کیسے ہار سکتا ہے! یقیناً یہ بین الاقوامی سازش ہے، امریکہ نہیں چاہتا تھا کہ تضادستان جیت جائے وہ اس خطے میں اپنے اسٹریٹجک پارٹنر بھارت کو جتوانا چاہتا تھا۔ اسرائیل بھی تضادستان کی غزہ کے مسلمانوں کی حمایت پر ہم سے ناراض ہے بلاشبہ اس نے بھارت کو ہماری ٹیم میں پھوٹ ڈالنے کے حربے بتائے ہوں گے۔ بھارت نے کرکٹ میچ سے پہلے ہی منصوبہ بندی کرلی تھی۔ ایک ریٹل اسٹیٹ مالک کی کار میچ میں بھیجی گئی جو پاکستانی کھلاڑیوں کے حواس کو مختل کرنے کے آلات سے لیس تھی پھر دبئی کا جوا مافیا بھی سرگرم عمل تھا۔ امریکہ، اسرائیل اور بھارت نے اس مافیا کو بے شمار رقم فراہم کی اور اس امر کو یقینی بنایا کہ تضادستان کو بہ ہر صورت شکست سے دوچار کرنا ہے۔

یہ ایک بہت بڑی سازش تھی اس کا آغاز رجیم چینج سے ہوا تھا۔ اسی وقت بین الاقوامی طور پر یہ بھی طے ہوگیا تھا کہ چیمپئنز ٹرافی میں تضادستان کو بھارت سے شکست دلوانی ہے وگرنہ تضادستان کو کون ہرا سکتا ہے؟ امریکہ نے ڈونلڈ لو کی ڈیوٹی لگائی کہ وہ تضادستان میں سازش کے ذریعے حکومت بدلوائیں، ڈونلڈ لو نے قومی اسمبلی میں تحریک عدم اعتماد کے دوران اراکین اسمبلی کی جگہ انہی کے ہمشکل روبوٹس بھجوا دیئے، اگر امریکہ یہ جدید ٹیکنالوجی استعمال نہ کرتا تو اراکین اسمبلی عمران خان جیسے محبِ وطن وزیراعظم کے خلاف عدم اعتماد کیوں کرتے؟ اب جب برسوں پہلے وزیراعظم کو تبدیل کردیا گیا تو نئے وزیراعظم کو امریکہ نے دباؤ ڈال کر یہ پیغام دیا کہ آپ جو مرضی کریں مگر آپ نے کرکٹ ٹیم کو ہر صورت کمزور کرنا ہے، بس اس سازش کی اہم ترین کڑی یہ ہے۔ اس بین الاقوامی سازش کو تکمیل تک پہنچانے کیلئے سی این این کے جنوبی ایشیا میں سابق نمائندے محسن نقوی کو تضادستان کرکٹ بورڈ کا چیئرمین بنایا گیا اسکے بعد امریکی اسرائیلی اور بھارتی سازش پر عمل شروع ہوگیا، شاندار اسٹیڈیم دنوں میں تیار کرکے جھوٹی امید پیدا کی گئی، موجودہ اور سابق کھلاڑیوں کو نوازا گیا ان کے منہ پیسوں اور عہدوں سے بھر دیئے گئے، یوں سازش کے سارے لوازمات پورے کردیئے گئے۔

ہم تو دراصل ناقابل شکست ہیں مومن ہو تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی سقوط بغداد ہو، سقوط غرناطہ ہو یا سقوط ڈھاکہ یہ ہمیشہ اغیار کی سازش کی وجہ سے رونما ہوئے۔ وگرنہ ہم تو دشمنوں سے زیادہ عقلمند اور بہترین اسلحے سے مالا مال تھے۔ ہم صدیوں سے کبھی خود نہیں ہارے ہمیں ہمیشہ ہروایا گیا ہے۔ اس سازش کو حتمی شکل بھارتی وزیراعظم مودی اور امریکی صدر ٹرمپ کے درمیان میچ سے پہلے امریکہ میں ہونے والی ملاقات میں دی گئی، اس ملاقات کی خفیہ تفصیلات تو سامنے نہیں آئیں مگر بیرون ملک بیٹھے یوٹیوبرز ان تفصیلات کی کھوج لگا چکے ہیں، جن کے مطابق اس ملاقات کا اصل ایجنڈا تضادستان کی کرکٹ ٹیم کو ہر صورت ہروانا تھا۔ دبئی چونکہ اسرائیل سے قریب تھا اس لئے نیتن یاہو کی ڈیوٹی لگائی گئی کہ وہ اس ناپاک منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچائے۔ پاکستانی یوٹیوبرز نے دو یہودیوں کو دبئی کے مال میں سازشی عزائم کے ساتھ چلتے پھرتے خود دیکھا ہے جس سے اس ساری سازش کی کڑیاں کھل کر سامنے آگئی ہیں۔ اس سازش سے پتہ چلتا ہے کہ حکومت غدار ہے، پی سی بی غدار ہے، چیئرمین خریدا ہوا ہے سلیکشن کمیٹی کے کرکٹر عالمی گٹھ جوڑ کا شکار ہو گئے، یہ سب نااہل ہیں سب غلط ہیں، ہم ہارے ہیں تو یقیناً عالمی اور تضادستانی سازش سے۔

تضادستانی ذہن میں شک وشبہ اور سازش کا غلبہ ہے مگر دوسرا رخ ضرور دیکھنا چاہئے۔ دنیا بھر میں قومی ٹیم کی شکست قومی صدمہ ہوتا ہے مگر شکست میں سازش کی بجائے حقائق کو زیرغور لایا جاتا ہے۔ صاف اور منطقی ذہن سے جائزہ لیا جائے تو پاکستانی کرکٹ ٹیم کا مہارت، کارکردگی اور اعتماد میں بھارتی کرکٹ ٹیم سے کوئی مقابلہ ہی نہیں تھا۔ بھارت کے کھلاڑی پروفیشنل ہیں وہاں کرکٹ کا ڈھانچہ بہت مضبوط ہے۔ پاکستانی کسی ہے، اسے ڈانس سیکھنے کی اجازت نہیں ملتی۔ پھر اِس فلم میں کیا ہوتا ہے، یہ بتا کر میں آپ کا مزا کرکرا نہیں کرنا چاہتا، وہ آپ خود دیکھیں۔ اِس فلم پر مختلف تبصرے کیے جارہے ہیں اور اسے بے حد پذیرائی مل رہی ہے کیونکہ یہ گھر گھر کی کہانی ہے، ہمارے ہاں عورتیں گھروں میں جو کام کرتی ہیں انہیں کسی کھاتے میں ہی نہیں لکھا جاتا، ہمارے جیسے معاشروں میں کام اسے سمجھا جاتا ہے جو مرد دفتروں میں کرتے ہیں، مردوں کی نظر میں عورتیں تو فقط جھک مارتی ہیں۔

یہ فلم دیکھ کر مجھے ہوم اکنامکس کا نصاب یاد آگیا، کچھ عرصہ پہلے کسی نے اس نصابی کتاب کا صفحہ سوشل میڈیا پر شیئر کیا تھا، پیشانی پر لکھا تھا خاتون خانہ کیلئے وقت کے گوشوارے کا مثالی خاکہ۔ اِس مثالی خاکے کی رو سے خاتون خانہ صبح پانچ بجے نماز کے وقت اٹھیں گی، ساڑھے پانچ سے سات ناشتہ، اسکول، آفس جانے کی تیاری، سات سے آٹھ کچن کی صفائی، آٹھ سے دس گھر کی صفائی، پڑھائی، دھلائی، دس سے بارہ کھانا پکانا، بارہ سے ایک نماز ظہر، ایک سے ڈیڑھ ذاتی صفائی، ڈیڑھ سے اڑھائی دوپہر کا کھانا، برتن، کچن کی صفائی، اڑھائی سے تین نماز عصر، تین سے چار آرام (شکر ہے)، چار سے ساڑھے چار چائے، ساڑھے چار سے پانچ کپڑے استری، پانچ سے ساڑھے سات بچوں کی پڑھائی) اور اگر بچے نالائق ہوں تو ان کی دھلائی (ساڑھے سات سے ساڑھے نو ٹی وی) ساس بہو کے ڈرامے (، ساڑھے نو سے دس نماز عشاء، دس سے گیارہ صبح ناشتہ کی تیاری اور کچن کی صفائی۔

یہ مثالی گوشوارہ دیکھ کر مجھے اپنے اسکول کا زمانہ یاد آگیا، میٹرک کے امتحانات سے پہلے میں نے بھی ایسا ہی جنگی قسم کا ٹائم ٹیبل بنایا تھا جس میں صبح پانچ سے رات گیارہ بجے تک تقریباً نان اسٹاپ پڑھائی تھی۔ شاید ہی کوئی دن ایسا گزرا ہو جب میں نے اس ٹائم ٹیبل پر عمل کیا ہو۔ ظاہر ہے میں نے خاتون خانہ تو نہیں بننا تھا کہ مثالی گوشوارے پر عمل کرتا۔ ویسے یہ ہوم اکنامکس والا گوشوارہ کافی دلچسپ ہے بشرطیکہ اِس پر عمل نہ کرنا پڑے، مثلاً اِس کی رو سے باورچی خانے کی دن میں تین مرتبہ صفائی کرنی ہے، کہیں باہر آنا جانا نہیں، کسی سے ملنا نہیں، تھک ہار کر رات گیارہ بجے سونا ہے اور صبح پانچ بجے چوکس ہو کر اٹھنا ہے۔ (شکر ہے کسی اہلِ نظر نے رات گیارہ سے صبح پانچ بجے تک کا گوشوارہ نہیں بنا دیا)۔ چونکہ یہ گوشوارہ ہاؤس وائف کیلئے بنایا گیا ہے سو ہم یہ اعتراض نہیں کرسکتے کہ اگر عورت ملازمت یا کاروبار کرتی ہو تو ایسی صورت میں کیا گوشوارہ بنے گا! لیکن عورت چاہے ملازمت کرتی ہو یا کاروبار، گھر آکر کھانا پکانا اور کچن سنبھالنا بہرحال اسی کی ذمہ داری ہے۔ ویسے اِس سے تو کہیں بہتر انگریز کے زمانے کا نصاب تھا، ملاحظہ ہو زنانہ اردو کورس، حصہ چہارم چوتھی جماعت کیلئے، آلٹرنیٹ ٹیکسٹ بک، منظور شدہ، سررشتہ ہائے تعلیم (1946) کم از کم اِس کتاب میں بچیوں کیلئے نظمیں، مضامین اور تاریخ کے کچھ باب تو ہیں۔

سچی بات تو یہ ہے کہ عورتوں کیلئے اِس قسم کا نصاب بنانے والوں کا کوئی قصور نہیں، آج سے سو دو سو سال پہلے تک پوری دنیا میں عورتوں کو ذاتی استعمال کی چیز سمجھا جاتا تھا، انگلستان میں شوہر کو قانوناً اختیار حاصل تھا کہ وہ بیوی کو مار سکے، عورت کے پیسوں پر بھی اس کا حق ہوتا تھا اور اگر وہ جہیز میں کوئی جائیداد لاتی تو وہ بھی خاوند کے تصرف میں ہی رہتی۔ ہمارے جیسے معاشروں کو تو اب تک سمجھ نہیں آئی کہ عورتیں جب اپنے حقوق کیلئے نعرے لگاتی ہیں تو وہ بے حیائی کا مطالبہ نہیں کررہی ہوتیں بلکہ صرف یہ بتا رہی ہوتی ہیں کہ وہ بھی مردوں کی طرح انسان ہیں اور ان کے بھی مردوں کی طرح حقوق ہیں۔ ایک طنز عورتوں پر یہ بھی کیا جاتا ہے کہ اگر برابری کا مطالبہ کرتی ہو تو اب رونا کیسا، بس میں لٹک کر سفر کرو، نوکری کرو اور مردوں کی طرح دھکے کھاو۔ یہ بھی ایک مغالطہ ہے۔ پدرسری معاشرے میں جب عورت خود کو فیمنسٹ کہتی ہے تو اس کا محض یہ مطلب ہے کہ مرد نے عورت کو اپنے پیروں تلے دبا کر رکھا ہے، وہ اس کی گردن سے اپنا پیر ہٹا کر اسے آزاد کرے، بس۔ لطیفہ تو یہ ہے کہ ہم میں سے جو مرد خود کو فیمنسٹ کہتے ہیں ان کا جملہ یوں شروع ہوتا ہے کہ میں عورتوں کو حقوق دینے کے لیے تیار ہوں مگر... گویا کہ عورتوں کے حقوق کیا ہوں گے یہ ہم مرد طے کریں گے اور وہ بھی ایسے جیسے خیرات دی جاتی ہے۔ اور آخر میں ہمارا پسندیدہ جملہ اسلام نے تو چودہ سو سال پہلے ہی عورتوں کو حقوق دے دیے تھے، جی ہاں، اسلام نے تو دے دیے تھے، اب پاکستانی مرد کا انتظار ہے وہ یہ حقوق کب دیتا ہے!

☆☆☆

Mrs

ذراہٹ کے
☆☆☆
یاسر پیرزادہ
SMS: #YPC (space) message & send to 8001
yasir.pirzada@janggroup.com.pk

نہ جانے مجھے کیا ہوگیا ہے، کوئی فلم پسند ہی نہیں آتی، جس فلم کی تعریف سنتا ہوں اسے تلاش کرکے دیکھنے کی کوشش کرتا ہوں مگر پانچ منٹ میں ہی اکتا جاتا ہوں، اور کبھی کبھی تو پہلے منظر میں ہی فلم کو مسترد کردیتا ہوں۔ ایوارڈ یافتہ فلمیں بھی زیادہ متاثر نہیں کرپاتیں، شاید اِس کی وجہ یہ ہے کہ آج کل ان فلموں کو آسکر وغیرہ دیے جارہے ہیں جن میں کوئی بڑا یا اچھوتا مسئلہ اجاگر کیا گیا ہو، فلم کی دلچسپی ثانوی چیز بن کر رہ گئی ہے۔ لیکن یہ میری رائے ہے جو یقیناً غلط ہوگی کیونکہ مجھے ایسی ایسی شہرہ آفاق فلمیں بھی پسند نہیں آئیں جن کے نام اگر میں یہاں لکھ دوں تو لوگ مجھے سنکی قرار دے دیں گے (اور کچھ تو پہلے ہی ایسا سمجھتے ہیں)۔ تاہم گزشتہ دنوں فلم مسز دیکھی جس نے سارے دھونے دھو دیے، پہلے منظر سے لے کر کلائمکس تک فلم نے باندھ کر رکھا حالانکہ یہ کوئی سسپنس فلم نہیں بلکہ خالصتاً گھریلو ڈرامہ فلم ہے۔ مسز کی کہانی نیہا) ثانیہ ملہوترا (کے گرد گھومتی ہے، نیہا کو ڈانس سیکھنے کا جنون ہے، اس کی سہیلیوں کا پورا گروپ ہے جو باقاعدہ اِس کی مشق کرتا ہے، لیکن اسی دوران نیہا کی شادی طے ہوجاتی ہے اور وہ ایک وفاشعار اور تابعدار بیوی بن کر اپنے پتی کے گھر آجاتی ہے جہاں شوہر کے علاوہ اس کی ساس اور سسر ہیں۔ یہ برے لوگ نہیں بلکہ روایتی لوگ ہیں، ساس صبح سویرے اٹھ کر اپنے شوہر اور بیٹے کیلئے کھانا تیار کرتی ہے، ان کے کپڑے حتیٰ کہ جوتے بھی سیٹ کرکے رکھتی ہے تاکہ انہیں پہننے میں آسانی ہو۔ نیہا پوری نیک نیتی اور دلجمعی کے ساتھ اپنی ساس کی طرح شوہر کی خدمت میں جت جاتی ہے مگر دھیرے دھیرے اسے احساس ہوتا کہ وہ محض ایک نوکرانی بن کر رہ گئی ہے جس کا کام فقط شوہر کیلئے کھانا پکانا اور کپڑے تیار کرنا ہے۔ اس کے ڈانس کا شوق کہیں پیچھے رہ جاتا ہے، اسے ڈانس سیکھنے کی اجازت نہیں ملتی۔ پھر اِس فلم میں کیا ہوتا ہے، یہ بتا کر میں آپ کا مزا کرکرا نہیں کرنا چاہتا، وہ آپ خود دیکھیں۔ اِس فلم پر مختلف تبصرے کیے جارہے ہیں اور اسے بے حد پذیرائی مل رہی ہے کیونکہ یہ گھر گھر کی کہانی ہے، ہمارے ہاں عورتیں گھروں میں جو کام کرتی ہیں انہیں کسی کھاتے میں ہی نہیں لکھا جاتا، ہمارے جیسے معاشروں میں کام اسے سمجھا جاتا ہے جو مرد دفتروں میں کرتے ہیں، مردوں کی نظر میں عورتیں تو فقط جھک مارتی ہیں۔

یہ فلم دیکھ کر مجھے ہوم اکنامکس کا نصاب یاد آگیا، کچھ عرصہ پہلے کسی نے اس نصابی کتاب کا صفحہ سوشل میڈیا پر شیئر کیا تھا، پیشانی پر لکھا تھا خاتون خانہ کیلئے وقت کے گوشوارے کا مثالی خاکہ۔ اِس مثالی خاکے کی رو سے خاتون خانہ صبح پانچ بجے نماز کے وقت اٹھیں گی، ساڑھے پانچ سے سات ناشتہ، اسکول، آفس جانے کی تیاری، سات سے آٹھ کچن کی صفائی، آٹھ سے دس گھر کی صفائی، پڑھائی، دھلائی، دس سے بارہ کھانا پکانا، بارہ سے ایک نماز ظہر، ایک سے ڈیڑھ ذاتی صفائی، ڈیڑھ سے اڑھائی دوپہر کا کھانا، برتن، کچن کی صفائی، اڑھائی سے تین نماز عصر، تین سے چار آرام (شکر ہے)، چار سے ساڑھے چار چائے، ساڑھے چار سے پانچ کپڑے استری، پانچ سے ساڑھے سات بچوں کی پڑھائی) اور اگر بچے نالائق ہوں تو ان کی دھلائی (ساڑھے سات سے ساڑھے نو ٹی وی) ساس بہو کے ڈرامے (، ساڑھے نو سے دس نماز عشاء، دس سے گیارہ صبح ناشتہ کی تیاری اور کچن کی صفائی۔

یہ مثالی گوشوارہ دیکھ کر مجھے اپنے اسکول کا زمانہ یاد آگیا، میٹرک کے امتحانات سے پہلے میں نے بھی ایسا ہی جنگی قسم کا ٹائم ٹیبل بنایا تھا جس میں صبح پانچ سے رات گیارہ بجے تک تقریباً نان اسٹاپ پڑھائی تھی۔ شاید ہی کوئی دن ایسا گزرا ہو جب میں نے اس ٹائم ٹیبل پر عمل کیا ہو۔ ظاہر ہے میں نے خاتون خانہ تو نہیں بننا تھا کہ مثالی گوشوارے پر عمل کرتا۔ ویسے یہ ہوم اکنامکس والا گوشوارہ کافی دلچسپ ہے بشرطیکہ اِس پر عمل نہ کرنا پڑے، مثلاً اِس کی رو سے باورچی خانے کی دن میں تین مرتبہ صفائی کرنی ہے، کہیں باہر آنا جانا نہیں، کسی سے ملنا نہیں، تھک ہار کر رات گیارہ بجے سونا ہے اور صبح پانچ بجے چوکس ہو کر اٹھنا ہے۔ (شکر ہے کسی اہلِ نظر نے رات گیارہ سے صبح پانچ بجے تک کا گوشوارہ نہیں بنا دیا)۔ چونکہ یہ گوشوارہ ہاؤس وائف کیلئے بنایا گیا ہے سو ہم یہ اعتراض نہیں کرسکتے کہ اگر عورت ملازمت یا کاروبار کرتی ہو تو ایسی صورت میں کیا گوشوارہ بنے گا! لیکن عورت چاہے ملازمت کرتی ہو یا کاروبار، گھر آکر کھانا پکانا اور کچن سنبھالنا بہرحال اسی کی ذمہ داری ہے۔ ویسے اِس سے تو کہیں بہتر انگریز کے زمانے کا نصاب تھا، ملاحظہ ہو زنانہ اردو کورس، حصہ چہارم چوتھی جماعت کیلئے، آلٹرنیٹ ٹیکسٹ بک، منظور شدہ، سررشتہ ہائے تعلیم (1946) کم از کم اِس کتاب میں بچیوں کیلئے نظمیں، مضامین اور تاریخ کے کچھ باب تو ہیں۔

سچی بات تو یہ ہے کہ عورتوں کیلئے اِس قسم کا نصاب بنانے والوں کا کوئی قصور نہیں، آج سے سو دو سو سال پہلے تک پوری دنیا میں عورتوں کو ذاتی استعمال کی چیز سمجھا جاتا تھا، انگلستان میں شوہر کو قانوناً اختیار حاصل تھا کہ وہ بیوی کو مار سکے، عورت کے پیسوں پر بھی اس کا حق ہوتا تھا اور اگر وہ جہیز میں کوئی جائیداد لاتی تو وہ بھی خاوند کے تصرف میں ہی رہتی۔ ہمارے جیسے معاشروں کو تو اب تک سمجھ نہیں آئی کہ عورتیں جب اپنے حقوق کیلئے نعرے لگاتی ہیں تو وہ بے حیائی کا مطالبہ نہیں کررہی ہوتیں بلکہ صرف یہ بتا رہی ہوتی ہیں کہ وہ بھی مردوں کی طرح انسان ہیں اور ان کے بھی مردوں کی طرح حقوق ہیں۔ ایک طنز عورتوں پر یہ بھی کیا جاتا ہے کہ اگر برابری کا مطالبہ کرتی ہو تو اب رونا کیسا، بس میں لٹک کر سفر کرو، نوکری کرو اور مردوں کی طرح دھکے کھاو۔ یہ بھی ایک مغالطہ ہے۔ پدرسری معاشرے میں جب عورت خود کو فیمنسٹ کہتی ہے تو اس کا محض یہ مطلب ہے کہ مرد نے عورت کو اپنے پیروں تلے دبا کر رکھا ہے، وہ اس کی گردن سے اپنا پیر ہٹا کر اسے آزاد کرے، بس۔ لطیفہ تو یہ ہے کہ ہم میں سے جو مرد خود کو فیمنسٹ کہتے ہیں ان کا جملہ یوں شروع ہوتا ہے کہ میں عورتوں کو حقوق دینے کے لیے تیار ہوں مگر... گویا کہ عورتوں کے حقوق کیا ہوں گے یہ ہم مرد طے کریں گے اور وہ بھی ایسے جیسے خیرات دی جاتی ہے۔ اور آخر میں ہمارا پسندیدہ جملہ اسلام نے تو چودہ سو سال پہلے ہی عورتوں کو حقوق دے دیے تھے، جی ہاں، اسلام نے تو دے دیے تھے، اب پاکستانی مرد کا انتظار ہے وہ یہ حقوق کب دیتا ہے!

☆☆☆

کرکٹ، سیاست میں مداخلت کے نقصانات!!

مظہر عباس

ویسے تو مجھ جیسے کرکٹ کے جنونی کیلئے یہی بات کافی ہے کہ پاکستان میں برسوں بعد چیمپئنز ٹرافی ہورہی ہے اور زیادہ خوشی ہوتی اگر اس کی ابتدا ہماری ٹیم کی جیت سے ہوتی بہت سوں کیلئے تو بھارت سے جیتنا ٹرافی جیتنے کے برابر ہے مگر ظاہر ہے یہ جذباتی پن دونوں ملکوں میں پایا جاتا ہے، یقین جانیں اگر ہم نے 1992 کا ورلڈ کپ نہیں جیتا ہوتا تو یہی قوم عمران خان اور دیگر کرکٹرز کے گھروں پر پتھراو کررہی ہوتی خیر اس چیمپئنز ٹرافی میں ہماری بیڈ لک تو اسی دن شروع ہوگئی تھی جب اس فارمیٹ کا سب سے ہونہار کرکٹر صائم ایوب ایک دو ماہ پہلے زخمی ہوکر اپنی جگہ نہ بنا سکا۔ اس کو ٹیسٹ میں کھیلانے کی کیا ضرورت تھی اس بحث کو رہنے دیں۔ سوال ہے کہ آخر کیا وجہ ہے کہ بین الاقوامی کرکٹ پاکستان میں آہی گئی اگر نہیں آئی تو بھارتی ٹیم، اس کے باوجود کہ ہر بھارتی کرکٹر کی خواہش تھی کہ وہ یہاں آتا۔ ظاہر ہے نہ آنے کی بڑی وجہ سیاسی ہے سیکورٹی نہیں اور اسی لیے کسی اور نے نہیں خود سابق بھارتی وزیراعظم واجپائی نے کہا تھا۔ کرکٹ اور سیاست کو الگ رکھنا چاہیے۔

آئیں اس حوالے سے آپ کو ایک دلچسپ واقعہ سناتا ہوں یہ سابق وزیراعظم نواز شریف کا دوسرا دور تھا، پاکستان کی ٹیم کو بھارت کا دورہ کرنا تھا مگر وہاں کی انتہا پسند تنظیم نے دھمکی دی تھی کہ وہ پاکستان کی ٹیم کو بھارت میں قدم نہیں رکھنے دے گی اور شوت کے طور پر انہوں نے دہلی کی وکٹ کو بھی نقصان پہنچایا جس سے ظاہر ہے دورہ کھٹائی میں پڑ گیا۔ میں ان دنوں بین الاقوامی نیوز ایجنسی اے ایف پی میں کام کرتا تھا۔ ایک دن میں نے وزیر کھیل مشاہد حسین سید صاحب کو فون کیا اور پوچھا، مشاہد صاحب، سادہ سا سوال ہے ٹیم جا رہی ہے یا نہیں۔ وہ کچھ لمحہ کیلئے خاموش ہوئے اور پھر بولے جارہی ہے میرے لیے یہ خبر اس تناظر میں بہت بڑی تھی۔ انہی دنوں عمران جو سیاست میں آگئے تھے کراچی میں تھے میں نے فوراً عمران کا ردعمل لیا انہوں نے فیصلے کا خیر مقدم کیا۔ پھر خبر چلا دی جو دنیائے کرکٹ کی بڑی خبر بن گئی اور تھوڑی دیر میں واجپائی صاحب کا جو اس وقت وزیراعظم تھے، مثبت ردعمل سامنے آگیا جو میں اوپر بیان کر چکا ہوں۔ دلچسپ بات بعد میں مشاہد صاحب نے یہ بتائی کہ جب میرا فون گیا تو اس وقت تک فیصلہ نہیں ہوا تھا اور جب وہ وزیراعظم ہاؤس پہنچے تو میاں صاحب نے پنجابی میں پوچھا بقول مشاہد صاحب، میں تھوڑی بہت میاں صاحب کی نفسیات کو سمجھتا تھا تو میں نے جواب دیا، میاں صاحب ٹیم کو جانے دیں کچھ نہیں ہوگا اور پھر ایسا ہی ہوا اور بھارت میں کرکٹ شائقین نے شاندار استقبال کیا۔ مگر جس شیوسینا نے دھمکی دی تھی آج عملاً وہ برسر اقتدار ہے اور وزیراعظم نریندر مودی کو پتا ہے کہ کرکٹ جوڑنے کا، عوام کو قریب لانے کا کام کرتی ہے، لہذا نہ سیکورٹی خدشات کا معاملہ ہے نہ بھارتی ٹیم کو کوئی خطرہ۔ یہ بی جے پی کا سیاسی فیصلہ ہے ورنہ حقیقت تو یہ ہے کہ آج تک کبھی بھارت کی ٹیم کے ساتھ یہاں کوئی ناخوشگوار واقعہ نہیں ہوا۔ البتہ سری لنکا کی ٹیم کے ساتھ غالباً 2009 میں ایک افسوسناک واقعہ لاہور میں ٹیسٹ میچ کے دوران ہوا تھا جو ہماری انٹیلیجنس ناکامی تھی۔

دہشت گردی کے اس واقعہ نے گہرے اثرات چھوڑے اور پاکستان میں بین الاقوامی کرکٹ کے دروازے بند کردیے گئے وہ بڑا مشکل وقت تھا اور اپنے دفاع کیلئے ہم دنیا کو یقین بھی نہ دلا پا رہے تھے۔ تاہم اس مشکل صورتحال میں خودسری لنکا نے ہمارے دفاع میں موقف اپنایا اور بعد میں اپنی ٹیم بھی بھیجی۔ ویسٹ انڈیز کی ٹیم اور کھلاڑیوں نے ساتھ دیا اور پھر آہستہ آہستہ ٹیموں نے آنا شروع کیا۔ اس سلسلے میں سابق چیئرمین کرکٹ بورڈ نجم سیٹھی نے بھی اہم کردار ادا کیا جب پاکستان نے پی ایس ایل کے ذریعے آئی پی ایل کے مقابلے میں اپنا برینڈ متعارف کرایا اور یوں بین الاقوامی کرکٹ پاکستان واپس آئی۔ ویسے بھی ہمارے یہاں خوشیوں کے بہت زیادہ مواقع نہیں آتے بس اللہ کرے یہ ٹورنامنٹ بغیر کسی ناخوشگوار واقعہ کے اختتام پذیر ہو۔

اب اس ض

بقیہ نمبر 1

نہ دی جائیں، ٹریفک چالان کی ادائیگی نہ کرنے والوں کی رجسٹریشن ری نیو نہ کی جائے۔ تحریری حکم میں کہا گیا ہے کہ جوڈیشل کمیشن کے ممبر یہ تمام تجاویز مناسب حکم کے لئے عدالت کے سامنے رکھیں، لوڈر اور چنگ چی رکشے پر پابندی اور انکی پروڈکشن روکنے کے حوالے سے پنجاب حکومت اور محکمہ ٹرانسپورٹ آئندہ سماعت پر جواب جمع کرائیں۔ عدالت نے کہا ہے کہ سی ٹی او نے بتایا کہ بہت ہی سمریز منظوری کے لئے حکومت کو بھجوائی جا چکی ہیں، حکومت کو بھجوائی گئی سمری مناسب ہدایت کے لئے ممبر جوڈیشل کو فراہم کی جائیں، سی ٹی او کی رپورٹ قابل تعریف ہے جس کی عدالت بھی تعریف کرتی ہے۔ سرکاری وکیل نے بتایا کہ کابینہ نے روڈ اسے محکمہ جنگلات واپس لینے کی منظوری دے دی ہے جس پر عدالت نے کہا کہ یہ انتہائی قابل تعریف ہے، جنگلات کی اراضی روڈا کو نہیں دی جانی چاہئے۔ تحریری حکم میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ واسا ری سائیکلنگ پلانٹ کے بغیر سروس سٹیشن بنانے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے، ساتھ ہی عدالت نے مختلف محکموں سے رپورٹ طلب کرتے ہوئے کیس کی کارروائی 28 فروری تک ملتوی کردی

بقیہ نمبر 2

کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ یہ دورہ پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور دوطرفہ تعاون کے فروغ کے لیے انتہائی اہم قرار دیا جا رہا ہے۔ صدر آصف علی زرداری ولی عہد کو پاکستان کے اعلیٰ ترین اعزاز نشان پاکستان سے نوازیں گے۔ ایوان صدر وزیر اعظم شہباز شریف اور آرمی چیف جنرل عاصم منیر بھی تقریب میں شریک ہوں گے۔ دورے کے دوران، ولی عہد پاکستان کی سیاسی قیادت سے ملاقات کریں گے جبکہ اہم معاہدوں پر دستخط بھی متوقع ہیں۔ ولی عہد صدر آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف سے ملاقاتیں کریں گے۔

بقیہ نمبر 3

وزیر اعظم کے پرنسپل سیکرٹری اسد الرحمان گیلانی عدالت میں پیش ہوئے جبکہ سیکرٹری وزارت سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ساجد بلوچ اور سیکرٹری کابینہ کامران علی افضل بھی عدالت کے روبرو حاضر ہوئے۔ جسٹس بابر ستار نے استفسار کیا کہ آپ پرنسپل سیکرٹری ہیں، کیا عدالت میں پیش ہوتے آپ کی عزت نفس مجروح ہوتی ہے؟ پرنسپل سیکرٹری نے بتایا کہ میں ایک اہم میٹنگ میں تھا آپ کا پیغام ملتے ہی پہنچا، معذرت کرتا ہوں۔ جسٹس بابر ستار نے سینئر افسر ڈاکٹر شہزاد الفضل کی جگہ جونیئر افسر کی تعیناتی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سیکرٹری صاحب ہمیں سیکرٹریوں کو بلانے کا شوق نہیں، آپ معاملات چلاتے ہیں اس لئے بلاتے ہیں، ہر 2 ماہ بعد کیس لگتا ہے، یہ ہمارے لئے بھی شرمندگی ہے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل منور اقبال دوگل نے استدعاء کی کہ تعیناتی کیلئے ایک آخری مہلت دی جائے۔ پرنسپل سیکرٹری نے بتایا کہ ایک ایجنسی نے رپورٹ دے دی ہے ایک کی رپورٹ آنی ہے، جیسے ہی رپورٹ آتی ہے آرڈر کر دیں گے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ اس میں کتنا وقت لگے گا؟ سیکرٹری کابینہ نے بتایا کہ معاملہ 2 سال سے زیر التوا ہے میرے علم میں نہیں تھا۔ جسٹس بابر ستار نے کہا کہ 2 نہیں، 4 سال سے معاملہ زیر التواء ہے، مزید کتنا وقت لگے گا؟ سیکرٹری کابینہ نے بتایا کہ تین ہفتے لگ جائیں گے دوسری رپورٹ آتے ہی سمری بھجوا دیں گے۔ عدالت نے ڈی جی پاکستان سٹینڈرڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی کی تعیناتی کیلئے حکومت کو تین ہفتوں کا وقت دیتے ہوئے کیس کی سماعت ملتوی کردی۔

بقیہ نمبر 4

ازبکستان، پاکستان کا قابل اعتماد شراکت دار ہے، دونوں ممالک کی خوشحالی اور ترقی ہمارا مشترکہ عزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدر شوکت مرزایوف عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں، ازبک صدر نے ازبکستان کو ترقی کی نئی بلندیوں پر پہنچایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف کی ترقی کے ویژن پر عمل پیرا ہوں، ہم پاکستان کی معاشی ترقی کیلئے پرعزم ہیں، انتھک محنت اور عزم سے ہی ترقی کا سفر طے کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہم نے پاکستانی معیشت کو اپنے پیروں پر کھڑا کیا ہے، پالیسی ریٹ میں کمی سے سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھا ہے جبکہ معاشی شرح نمو میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہم ملک میں مہنگائی کی شرح 38 فیصد سے 2.4 فیصد پر لے آئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ملکی آئی ٹی برآمدات میں اضافہ ہو رہا ہے، ترقی کے سفر میں بہت سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، ازبکستان کے ترقیاتی ماڈل سے مستفید ہوں گے، مختلف شعبوں میں تعاون سے دوطرفہ تعلقات بھی مزید مضبوط ہوں گے۔ انہوں نے بتایا کہ ازبک صدر سے خطے و مشرق وسطی کی صورتحال پر بات ہوئی ہے، افغان سرزمین پاکستان سمیت کسی ملک کیخلاف استعمال نہیں ہونی چاہئے، افغان عبوری حکومت اپنی سرزمین پاکستان کیخلاف استعمال ہونے سے روکے کیونکہ افغانستان میں امن و استحکام خطے کے مفاد میں ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان اور ازبکستان کے درمیان بات چیت آگے بڑھانے کیلئے وفد ازبک دوروز میں تاشقند پہنچے گا، ازبک صدر کو بھی وفد پاکستان بھیجنے کا کہا ہے۔ وزیر اعظم نے ازبک صدر کو دورہ پاکستان کی دعوت بھی دی جو انہوں نے قبول کرلی۔ اس موقع پر ازبک صدر شوکت مرزایوف نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کو خوش آمدید کہتے ہیں، دونوں ملکوں کے درمیان مفید گفتگو ہوئی ہے، روشن مستقبل کیلئے دونوں ممالک کی گفتگو اور معاہدے بہت اہم ہیں، درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے مشترکہ لائحہ عمل اور مواقع سے فائدہ اٹھایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے خوشحال مستقبل کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتا ہوں، دونوں ممالک کے تعلقات میں وقت گزرنے کے ساتھ بہتری آرہی ہے، پاکستان کی ممتاز کاروباری کمپنیاں دورہ تاشقند پر ہیں، سرمایہ کاری وتجارت کے حوالے سے سیر حاصل گفتگو ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تزویراتی تعلقات کے نئے باب کا آغاز ہورہا ہے، بات چیت کے بعد دونوں ممالک نے مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط کئے، دونوں ملکوں کے درمیان تجارتی حجم 2 ارب ڈالر تک بڑھایا جائے گا، علاقائی وعالمی فورمز پر ایک دوسرے سے تعاون جاری رکھیں گے۔

بقیہ نمبر 5

کٹ جوڈیشری کو ارسال کردیں جس میں کہا گیا ہے کہ مجموعی طور پر پنجاب کے 1747 ماتحت عدلیہ کے ججز ہیں جن میں 44 فیصد یعنی 768 نے دن رات عدالتیں لگانے سے متعلق رضامندی ظاہر کردی جبکہ 979 ججز نے دن رات عدالتیں لگا کر کیسز کی سماعت سے معذرت کرلی۔ اعداد وشمار کے مطابق پنجاب میں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کی تعداد 152، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز کی تعداد 504، سینئر سول ججز کی تعداد 110 اور سول ججز کی تعداد 981 ہے جبکہ پنجاب کی ماتحت عدالتوں میں 14 لاکھ سے زائد کیسز زیر التوا ہیں، ماتحت عدالتوں میں ججز کی 700 سے زائد آسامیاں خالی ہیں۔ اس حوالے سے کیسز کو جلد نمٹانے کے لیے پنجاب کی ماتحت عدلیہ کو اب دن رات کام کرنے کی تجاویز پر غور جاری ہے، ڈی جی ڈسٹرکٹ جوڈیشری نے پنجاب کی ماتحت عدلیہ کے ججز کی جانب سے دن رات عدالتیں لگانے سے متعلق رپورٹس چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کو بطور چیئرمین نیشنل جوڈیشل پالیسی میکنگ کمیٹی کو بھجوادیں تھیں۔ اب وکلا تنظیموں سے اس سے متعلق تجاویز مانگی جائیں گی اور تمام سٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کے بعد دن رات عدالتیں لگانے کا فیصلہ کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 6

بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف کے ہمراہ تاشقند کے دورے پر موجود نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ازبک وزیر خارجہ بختیار سیدوف سے ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے، تجارت، سرمایہ کاری، علاقائی روابط اور اقتصادی ترقی میں تعاون کو بڑھانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے مشترکہ تاریخ و باہمی احترام پر مبنی دونوں ممالک کے برادرانہ تعلقات کو سراہا۔ دونوں رہنماؤں نے مشترکہ ترقی اور خوشحالی کیلئے متعدد شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 7

چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو شعور آچکا ہے، نوجوانوں نے جلاؤ گھیراؤ کی سیاست کو مسترد کردیا ہے، مریم نواز نوجوان نسل کیلئے ایک امید اور آس بن کر آئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک ماں اپنے بچوں کو حوالات اور جیلوں میں نہیں ہمیشہ آگے بڑھتا اور ترقی کرتا دیکھنا چاہتی ہے۔

بقیہ نمبر 8

انہوں نے اس موضوع کی غیر معمولی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ایئر ڈاکٹرائن آج کے دور کی عسکری حکمت عملیوں کے مرکز میں ہے اور اس کا براہ راست تعلق پاک فضائیہ کی مستقبل کی آپریشنل تیاریے جڑا ہوا ہے۔ ڈاکٹر عادل سلطان، ڈین، فیکلٹی آف ایرو اسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز، ایئر یونیورسٹی اسلام آباد، نے ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے اثرات کے عنوان سے خطاب کیا۔ انہوں نے مصنوعی ذہانت، کوانٹم کمپیوٹنگ، سائبر اسپیس، خلائی نظام، اور مصنوعی ذہانت سے لیس ڈرونز جیسے اہم موضوعات پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ ان کا کہنا تھا کہ خلا کی تجارتی دوڑ مستقبل کی جنگوں میں پیچیدگیاں پیدا کرسکتی ہے، کیونکہ جو ملک اس شعبے میں برتری حاصل کرے گا، وہی اپنے دفاعی اور تزویراتی مفادات کا مؤثر تحفظ کرسکے گا۔ ایئر مارشل عبدالمعید خان) ریٹائرڈ)، وائس چانسلر، ایئر یونیورسٹی اسلام آباد، نے ایئر پاور ڈاکٹرائن اور پاک فضائیہ کی ترقیاتی حکمت عملی پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پاک فضائیہ کی ڈاکٹرین کی کچھ جہتیں خلل انگیز ٹیکنالوجیز کو اپنانے پر توجہ دیتی ہیں تاکہ دشمن کے خلاف عددی کمی کو مہارت سے پورا کیا جا سکے۔ مزید برں معلوماتی برتری کے ذریعے اڈوانٹیج اور میں سبقت حاصل کرنا، برق رفتار جنگی حکمت عملی اپنانا، اور مرکزی کمان کے ساتھ منتشر کنٹرول اور غیر مرکزی کارروائی کے اصولوں کو اختیار کرنا پاک فضائیہ کے مستقبل کے لائحہ عمل کا حصہ ہے۔ علاوہ ازیں کثیر الجہتی اور متوازی آپریشنز، کم لاگت مگر زیادہ اثر رکھنے والے خودمختار ہتھیاروں کے ذریعے طاقت کا مظاہرہ، الیکٹرو میگنیٹک اسپیکٹرم کا مؤثر استعمال، اور مقامی سطح پر دفاعی صنعت کی ترقی کے ذریعے خودانحصاری، پاک فضائیہ کی اسٹریٹیجک ترجیحات میں شامل ہیں۔ ایئر وائس مارشل ناصر الحق وائیں، ڈائریکٹر، ایرو اسپیس اینڈ وارفیئر، کیس اسلام آباد، نے جنوبی ایشیا میں فضائی جنگ کے نظریاتی تغیرات پر روشنی ڈالی اور وضاحت کی کہ بھارت نہ جنگ، نہ امن کی حکمت عملی پر عمل پیرا ہے، جس کے تحت وہ روایتی اور غیر روایتی جنگی حربوں کو یکجا کر کے گرے زون تنازعات کو ہوا دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فضائی طاقت کی نوعیت میں ایک نمایاں تبدیلی آئی ہے، جس میں یہ ایک معاون کی بجائے مرکزی عنصر بنتی جارہی ہے۔ پاک فضائیہ نے اس نظریاتی تغیر کے پیش نظر اپنی صلاحیتوں میں اضافہ کیا ہے، جس میں ہائبرڈ جنگ، سائبر اور الیکٹرانک وارفیئر کی صلاحیت میں اضافہ، ملٹی ڈومین آپریشنز کو مؤثر بنانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا انضمام، بغیر پائلٹ کے فضائی نظاموں میں سرمایہ کاری، اور سفارتی سطح پر دفاعی تعاون کو فروغ دینا شامل ہے۔ سیمینار کے اختتامی کلمات میں ایئر مارشل عاصم سلیمان) ریٹائرڈ (، صدر کیس لاہور، نے کہا کہ پاک فضائیہ اپنی ایئر ڈاکٹرائن کو جدید خطرات کے مطابق مسلسل اپ گریڈ کر رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاک فضائیہ اپنی حکمت عملی کو ڈیٹرنس، درستگی سے حملہ کرنے، اور آپریشنل لچک پر مرکوز کر رہی ہے۔ اس موقع پر انہوں نے جدیدیت کی اس دوڑ میں پاک فضائیہ کی غیر معمولی پیش رفت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ریڈار ٹیکنالوجی میں ترقی، بصری حد کے پار دشمن کو نشانہ بنانے کی صلاحیت میں بہتری، الیکٹرانک وارفیئر، اور ملٹی ڈومین آپریشنز میں مہارت حاصل کر کے پاک فضائیہ نے اپنے دشمنوں پر برتری حاصل کرلی ہے۔ انہوں نے اس امر کو اجاگر کیا کہ مستقبل کی جنگوں میں مصنوعی ذہانت، سائبر سیکیورٹی، اور خلائی نگرانی کلیدی حیثیت اختیار کر چکے ہیں۔ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی قیادت میں پاک فضائیہ جدید ٹیکنالوجیز، عالمی معیار کی تربیت، اور جدید ایرو اسپیس اینڈ سائبر ٹیکنالوجی پارک جیسے اقدامات کے ذریعے دفاعی جدت کی نئی راہوں پر گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی اور اسٹریٹیجک منصوبہ بندی کی بدولت پاک فضائیہ بھارتی فضائیہ پر کم از کم چھ سے سات سال کی برتری رکھتی ہے، جس کی بنیادی وجوہات میں دشمن جہازوں پر پہلے حملہ کرنے کی صلاحیت، پانچویں نسل کے جنگی طیاروں کی متوقع شمولیت، ملٹی ڈومین فورسز، اور فورس ملٹی پلائرز کا استعمال شامل ہیں۔ تاہم، اگر بھارتی فضائیہ ایف پینتیس جیسے جدید طیارے حاصل کرنے اور پاک فضائیہ کے ملٹی ڈومین سسٹمز کا جواب دینے میں کامیاب ہوتی ہے، تو پاک فضائیہ کے کچھ قریب آسکتی ہیں لیکن حقیقت میں اگلی ایک دہائی تک یہ ممکن نہیں۔ سیمینار کے دوران سوال و جواب کے سیشن میں مقررین نے تینوں مسلح افواج کے درمیان ہم آہنگی کی ضرورت پر زور دیا تاکہ ملٹی ڈومین آپریشنز کے ذریعے پاکستان کی دفاعی صلاحیت کو مزید مستحکم کیا جاسکے۔ اس کے علاوہ، اس امر پر بھی اتفاق پایا گیا کہ پاک فضائیہ کو بحر ہند میں اپنی موجودگی اور اثر و رسوخ کو بڑھانے کی ضرورت ہے تاکہ اسے ایک مستحکم اور مؤثر فضائی قوت کے طور پر تسلیم کیا جاسکے

بقیہ نمبر 9

1967 کے درمیان زیادہ عرصے غزہ کی پٹی کا قانونی ذمے دار تھا۔

بقیہ نمبر 10

اور مٹی کے تیل کی قیمت میں ایک روپے فی لیٹر کمی ہو سکتی ہے۔ پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے کا تخمینہ بین الاقوامی نرخوں میں معمولی اضافے اور ڈالر کے مقابلے میں شرح تبادلہ میں کمی کی وجہ سے لگایا گیا ہے، بینچ مارک برینٹ کی قیمتیں عام طور پر گزشتہ 10 دنوں کے دوران مستحکم رہی ہیں۔ ایکس ڈپو پیٹرول کی قیمت اس وقت 256 روپے 13 پیسے فی لیٹر اور ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمت 263 روپے 95 پیسے فی لیٹر ہے

بقیہ نمبر 11

تشویشناک ہے، پوپ فرانسس ڈبل نمونیا کے مرض میں مبتلا ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق 88 سالہ پوپ فرانسس کو ڈبل نمونیا کی تشخیص ہوئی تھی اور وہ 14 فروری سے اٹلی کے اسپتال میں داخل ہیں۔

بقیہ نمبر 12

602، 605 اور 606، اسلام آباد سے سکردو کی قومی ایئر لائن کی 2 پروازیں پی کے 451 اور 452 منسوخ کردی گئی ہیں۔ اسی طرح کراچی، اسلام آباد اور لاہور کی 13 پروازوں کی آمد اور روانگی میں تاخیر ہوئی۔ شیڈول کے مطابق اسلام آباد اور کراچی کی پروازای آر 503 کی روانگی میں 8 گھنٹے، اسلام آباد اور دبئی کی نجی ایئر لائن کی پروازای آر 701 کی روانگی میں 11 گھنٹے لاہور اور کراچی کی پروازپی ایف 144 کی روانگی میں 2 گھنٹے تاخیر ہوئی جبکہ کراچی ایئرپورٹ کی 5، لاہور کی 4 اور اسلام آباد کی 3 پروازوں میں تاخیر کا شکار ہوئی ہیں۔

بقیہ نمبر 13

ہونیوالے ملزمان کو موبائل لوکیشنز اور ہیومن انٹیلیجنس کی مدد سے ٹریس کیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق ملزم شیر زمان گرین ٹاؤن پولیس جبکہ ملزم حمزہ اکبری گیٹ پولیس کو قتل مقدمات میں مطلوب تھا۔

بقیہ نمبر 14

تھے، ابتدائی مشق کے دوران بہت سے شہری اپنے مستند اسلحہ لائسنس کمپیوٹرائزڈ نہیں کروا سکے تھے، ایسے شہریوں کے پاس اب بھی ہتھیار اور منسوخ شدہ کتابچے موجود ہیں، ان شہریوں کی سہولت کیلئے محکمہ داخلہ پنجاب نے اسلحہ لائسنس کی کمپیوٹرائزیشن کا دوبارہ آغاز کیا ہے، اب کتابچے والے پرانے انفرادی اسلحہ لائسنس کی توثیق اور کمپیوٹرائزیشن ممکن ہوگی۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے کہا کہ مینوئیل لائسنس کے حامل افراد اپنے متعلقہ ڈویژن کے کمشنر یا ایڈیشنل سیکرٹری جوڈیشل، محکمہ داخلہ کو درخواست دے سکتے ہیں، تمام امیدواروں کے ریکارڈ اور کاغذات کی تصدیق کی جائے گی۔ بیان میں کہا گیا کہ تصدیق کے بعد متعلقہ کمشنر یا ایڈیشنل سیکرٹری جوڈیشل اہل امیدواروں کو لائسنس جاری کریں گے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ تمام ڈویژنل کمشنرز یا ایڈیشنل سیکرٹری جوڈیشل ذاتی طور پر لائسنس کی کمپیوٹرائزیشن کے عمل کی نگرانی کریں گے، اسلحہ لائسنس کی توثیق کا اختیار صرف متعلقہ کمشنر یا ایڈیشنل سیکرٹری جوڈیشل محکمہ داخلہ کو ہوگا، ڈویژن کے کمشنر یا ایڈیشنل سیکرٹری جوڈیشل یہ اختیار کسی ماتحت افسر کو تفویض نہیں کر سکتے، ہر انفرادی اسلحہ لائسنس کی تصدیق، توثیق یا کمپیوٹرائزیشن کا باقاعدہ تحریری حکم نامہ جاری کیا جائے گا۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے کہا ہے کہ لائسنس کی تصدیق کے دوران کسی بے ضابطگی کی صورت میں متعلقہ کمشنر ذمہ دار افسران/ اہلکاروں کے خلاف انکوائری کریگا، تمام امیدواروں کو پنجاب آرمز رولز 2023ء میں مقرر کردہ لائسنس کی تجدیدی فیس ادا کرنا ہوگی جاری بیان کے مطابق محکمہ داخلہ پنجاب نے تمام ڈویژنل کمشنرز کے نام مراسلہ جاری کردیا جس میں نادرا کو بھی مینوئل اسلحہ لائسنس کی کمپیوٹرائزیشن کیلئے انتظامات مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 15

ہوگئی۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ذاتی سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر ایک ویڈیو کلپ پوسٹ کیا گیا ہے، یہ ویڈیو مصنوعی ذہانت کی ٹیکنالوجی سے بنائی گئی ہے جس میں غزہ کی پٹی کا فرضی مستقبل دکھایا گیا ہے، جس میں ٹرمپ غزہ کے نام والے ٹاورز کو دکھایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ غزہ کے ساحلوں پر ٹرمپ اور نیتن یاہو کی آرام کرنے کی فوٹیج بھی دکھائی گئی ہے

بقیہ نمبر 16

نویں مجرم کو غائبانہ سزا سنائی جو پانچ برس قبل جیل سے فرار ہوگیا تھا۔ اپوزیشن سے تعلق رکھنے والے سابق رکن پارلیمنٹ محمد البراہی کو 2013 میں قتل کیا گیا تھا۔ اس سے قبل بائیں بازو کے اپوزیشن لیڈر شکری بلعید کو فروری 2013 میں موت کی نیند سلا دیا گیا تھا، بلعید کی موت میں ملوث 4 مجرموں کو گذشتہ برس مارچ میں سزائے موت دینے کا فیصلہ جاری کیا گیا۔ البراہی نے 2011 میں عوامی انقلاب کے بعد تونس میں اقتدار سنبھالنے والی النہضہ تحریک کی پالیسی کی مخالفت کی تھی۔ البراہی سیدی بوزید کے علاقے سے تعلق رکھنے والے رکن پارلیمنٹ تھے جہاں سے 2011 میں عوامی انقلاب کی چنگاری پھوٹی تھی۔ تونس میں عدلیہ مختلف مقدمات میں بالخصوص دہشت گرد حملوں میں ملوث مجرموں کے خلاف سزائے موت کے فیصلے جاری کرتی ہے تاہم ملک میں 1991 سے اس پر عمل درآمد روک دیا گیا۔

بقیہ نمبر 17

جب فجر کی اذان دے یا جماعت نماز کی ادائیگی کرگے، تو اسوقت سپیکر ساؤنڈ سسٹم اور دیگر سامان موجود تھا لیکن جب ظہر اذان دینے کے لیے سپیکر آن کیا تو سپیکر آن نہ ہوا مزید جانچ پڑتال کے بعد صورتحال واضح ہوگ ء کہ چور مسجد کے عقب میں موجود چھوٹا دروازہ توڑ کر مسجد میں داخل ہوئے ایک عدد ساؤنڈ سسٹم کیمرہ۔ ایک ایمپلی فائر اور دو عدد مائیک لے اڑے جن کی مالیت 140000 بنتی ہے نامعلوم چوروں کے خلاف قانونی کارروائی کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے

بقیہ نمبر 18

ہے جھگڑا ہو جاتا ہے۔ اسلام آباد میں منعقدہ قومی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے محمود اچکزئی نے کہا کہ کوئی بھی ملک فوج وخفیہ اداروں کے بغیر نہیں چل سکتا، جاسوسی ادارے ہر ملک کی آنکھ اور کان کا کام کرتے ہیں، جاسوسی ادارے سیاسی قیادت کو معلومات فراہم کرتے ہیں جس کی بنیاد پر سیاسی قیادت ملک کے وسیع تر مفاد میں فیصلے کرتی ہے مگر یہاں نظام مختلف ہے، جو آدمی منتخب نہیں ہوکر آتا وہ کیسے عوام کا سوچے گا؟۔ انہوں نے کہا کہ جو نسخہ آج ہمارے جاسوسی ادارے استعمال کر رہے ہیں وہ نظام روس استعمال کر چکا ہے اور وہ بری طرح ناکام ہوا، سوویت یونین ٹوٹ گیا، لوگوں کو تلخ تجربات سے ہمیں تجربہ حاصل کرنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ ہر جگہ اقتدار کی جنگ ہے، ہمیں 1947ء کو آزادی ملی مگر افسوس اس آزادی کے ثمرات نیچے تک نہیں پہنچے، ہم نے آج بھی لوگوں کو حق حکمرانی نہیں دیا، جب عوام کے حق حکمرانی کی بات ہوتی ہے تو جھگڑا شروع ہوجاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایک آدمی ایک ووٹ کی بات کرتے تھے، ہم نے اپنے بزرگوں کی بات نہیں مانی جس وجہ سے مسائل کا شکار ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے یہ تحریک لوگوں کو گالیاں دینے کیلئے شروع نہیں کی، ہم ملک میں آئین وقانون بحال کروا کر دم لیں گے۔

بقیہ نمبر 19

بقیہ نمبر 20

ایک بیان میں انہوں نے کہا ملک میں مارشل لا لگائے بغیر خاموش مارشل لا نافذ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی سیاسی پارٹیاں غیر جمہوری اشرافیہ کے ہاتھوں میں کھلونا بنی ہوئی ہیں، قوم کو موجودہ اسمبلیوں، وفاقی اور صوبائی حکومتوں پر کوئی اعتماد نہیں ہے۔ حافظ حمد اللہ کا کہنا ہے کہ افسوس پارلیمنٹ میں قانون سازی غیر سیاسی اشرافیہ کے اشاروں سے ہو رہی ہے، پیکا ایکٹ جیسے سیاہ قوانین کے ذریعے میڈیا کی آزادی سلب کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 21

کی آسامیوں پر کامیاب ہونے والی خواتین کی شرح 47.2 فی صد اور مرد امیدواروں کی شرح 48.6 فی صد ہے۔ وائلڈ لائف انسپکٹرز کے عہدوں پر 35 مرد امیدوار اور 34 خواتین سلیکٹ ہوئیں۔

بقیہ نمبر 22

میڈم نادیہ پروین سے نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان لائٹ پولرز کی فل فور رینویشن کروائی جائے اور ایک کمیٹی تشکیل دی جائے جو کہ باقاعدہ سٹیڈیم کی دیکھ بھال کرے۔

بقیہ نمبر 23

تھا، اب انہیں اس معاہدے کے تحت جلد آزاد کیا جائے گا جبکہ اسرائیل مزید فلسطینی خواتین اور بچوں کو بھی رہا کرے گا۔ دوسری جانب اسرائیلی اہلکار نے بھی تصدیق کی ہے کہ یرغمالیوں کی لاشوں کی واپسی اور قیدیوں کی رہائی (آج) جمعرات کو متوقع ہے جبکہ 8 مارچ تک اگر مزید یرغمالیوں کو رہا نہیں کیا گیا تو جنگ بندی ختم ہو جائے گی۔ حماس 4 اسرائیلی مغویوں کی لاشیں مصر کے ذریعے اسرائیل کے حوالے کرے گا۔

بقیہ نمبر 24

کردیا ہے۔ یہ اقدامات ایسے وقت میں کیے جا رہے ہیں جب اسرائیل اور امریکہ کی جانب سے ممکنہ فوجی کارروائی کی خبریں گردش کر رہی ہیں۔ امریکی اٹلی جنس نے بائیڈن اور ٹرمپ انتظامیہ کو خبردار کیا تھا کہ اسرائیل اس سال ایران کی جوہری تنصیبات کو نشانہ بنانے کا منصوبہ بنا رہا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ ایران گزشتہ کئی سالوں سے اپنی جوہری تنصیبات کو مضبوط بنا رہا تھا لیکن اسرائیل کے حالیہ حملوں کے بعد اس عمل میں مزید تیزی آ گئی ہے۔ گزشتہ سال

اسرائیل نے تہران کے قریب پارچین ملٹری کمپلیکس پر فضائی حملہ کیا تھا جس میں تابلیغان 2 نامی تنصیب تباہ ہوگئی تھی۔ امریکی میڈیا ایکسیوس کے مطابق یہ تنصیب ممکنہ طور پر جوہری ہتھیاروں کی تحقیق میں استعمال ہو رہی تھی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ایران ہر وقت حملے کیلئے تیار رہتا ہے اور ہر رات کسی بھی ممکنہ کارروائی کی توقع کر رہا ہے۔ بعض ایسی حساس تنصیبات کو بھی ہائی الرٹ پر رکھا گیا ہے جن کے بارے میں زیادہ تر لوگوں کو علم نہیں ہے۔ ٹرمپ کے دوبارہ صدارت سنبھالنے کے بعد انہوں نے ایران پر "زیادہ سے زیادہ دباؤ" کی پالیسی کو بحال کردیا ہے جو کہ ان کے پہلے دور حکومت میں بھی نافذ تھی۔ اس پالیسی کے تحت امریکہ نے یکطرفہ طور پر 2015 کے جوہری معاہدے سے دستبرداری اختیار کی تھی اور تہران پر جوہری ہتھیار بنانے کا الزام لگایا تھا۔ حال ہی میں ٹرمپ نے ایران کے ساتھ ایک نیا معاہدہ کرنے کی بات کی تھی لیکن ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای نے 15 فروری کو کہا تھا کہ امریکہ سے مذاکرات کرنے سے کوئی مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ ایک دن بعد اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے اعلان کیا کہ اسرائیل امریکی حمایت سے ایران کے خلاف "اپنا مشن مکمل کرے گا"۔ ٹیلی گراف کی رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ اگرچہ ایران نے اضافی لانچرز نصب کیے ہیں لیکن اسرائیلی حملوں کے نتیجے میں ایران کے دفاعی نظام کو نقصان پہنچا ہے اور وہ بڑے پیمانے پر حملوں کے خلاف غیر محفوظ ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایران کے اندرونی طور پر تیار کردہ فضائی دفاعی نظام اور روسی ایس 300 میزائل اسرائیلی جدید اسلحے کے خلاف ناکافی ثابت ہوسکتے ہیں جس کی وجہ سے ایران نے روس سے ایس 400 میزائلوں کی جلد فراہمی کی درخواست کی ہے۔ ایران اپنے بیلسٹک میزائل ڈیفنس سسٹم کو بھی ترقی دے رہا ہے تاکہ اسرائیل کے ممکنہ حملوں کو روکا جا سکے۔ پاسداران انقلاب کی ایرو سپیس فورس کے کمانڈر جنرل امیر علی حاجی زادہ نے رواں ماہ اس بات کی تصدیق کی تھی کہ ایران اپنے فضائی دفاعی نظام کو مزید مضبوط کرنے کے لیے کام کر رہا ہے۔

بقیہ نمبر 25

کا بلال پارک میں جنرل سٹور تھا جہاں اذان سوا سلف لینے گیا، ملزم زمان نے سٹور کے اندر بلا کر چھیڑ چھاڑ کی اور زیادتی کرنے کی کوشش کی۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کے لئے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کردیا گیا۔

بقیہ نمبر 26

امریکی صدر کے خصوصی ایلچی اسٹیون وٹکوف نے کہا ہے کہ بہت سے ممالک نے غزہ کے رہائشیوں کے لیے کسی قسم کے مستقل حل کا حصہ بننے کیلئے امریکا سے رابطہ کیا ہے اور اس نے نشاندہی کی کہ ہم غزہ کے باشندوں کو بے گھر کرنیکی بات نہیں کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا ہمارے لیے غزہ پٹی میں 10 سے 15 سال تک رہنا قابل عمل ہے، امریکی حکومت کا خیال ہے کہ غزہ پٹی کو مکمل طور پر دوبارہ تعمیر کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 27

دی۔ بدھ کو الیکشن کمیشن میں چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں ممبران میں پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد میں تاخیر پر سماعت ہوئی۔ چیف سیکرٹری، سیکرٹری بلدیات اور چیف سیکرٹری بلدیات پنجاب الیکشن کمیشن میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت سیکرٹری بلدیات پنجاب نے بلدیاتی انتخابات بارے قانون سازی کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ بلدیاتی قانون منظوری کیلئے جلد پنجاب اسمبلی میں پیش کیا جائے گا۔ رولز پر کام آخری مراحل میں ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بلدیاتی قانون کی منظوری کے بعد الیکشن کمی

ملک میں عوام کی رائے کا احترام نہیں ہوگا تو ملک نہیں چلے گا، آج صاحب اقتدار کیا سوچ رہے اس کا علم نہیں ہے' سربراہ عوام پاکستان پارٹی

ملک میں آئین کا لفظ گالی، حکومت کیخلاف خوف کا باعث، چکا مدشاہد خاقان عباسی

بند کمرے میں آئین معاملے پر کانفرنس نہیں ہونے دی جارہی' افسوس جمہوریت کی داعی جماعت آج اقتدار کی داعی' ملک سے نظام عدل ختم

چیف جسٹس مرضی سے بینچ بنا سکتا ہے نہ سوموٹو لے سکتا ہے، آئی ایم ایف بھی چیف جسٹس سے نظام عدل بارے پوچھنے پر مجبور ہے' کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (انٹرنیوز) عوام پاکستان پارٹی کے سربراہ شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ ملک میں آئین کا لفظ گالی، حکومت کیخلاف خوف کا باعث بن چکا ہے، بند کمرے میں معاملے پر کانفرنس نہیں ہونے دی جارہی، افسوس جمہوریت کی داعی جماعت آج اقتدار کی داعی ہے، ملک سے نظام عدل ختم کر دیا گیا، چیف جسٹس مرضی سے بینچ بنا سکتا ہے نہ سوموٹو لے سکتا ہے، آئی ایم ایف بھی چیف جسٹس سے نظام عدل بارے پوچھنے پر مجبور ہو چکا ہے۔ قومی کانفرنس میں خطاب کرتے ہوئے شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ آج کی کانفرنس کا مقصد قانون اور آئین کی حکمرانی قائم کرنا ہے، آئین وقانون کی بالادستی نہیں ہوگی تو سیاسی انتشار رہے گا، سیاسی انتشار رہا تو ملکی معیشت آگے نہیں بڑھے گی، اپوزیشن قیادت اس (بقیہ نمبر 44)

بانی پی ٹی آئی اپنے دور میں سیاسی قیدیوں کیلئے جیل مینوتک تبدیل کیا، اب سہولیات فراہمی کی استدعاء ہورہی ہے، تقریب سے خطاب

کسی کو نشانہ بنانے کے حامی نہ ریاستی اداروں کو مقصد کیلئے استعمال کرینگے، بلاول

پیپلز پارٹی جمہوریت پر یقین رکھتی ہے، ہمارا میثاق جمہوریت میں اہم کردار تھا' ہم نے اپنے دور میں اپوزیشن کو مصروف رکھا' چیئرمین پی پی پی

ماضی میں احتساب کے نام پر پیپلز پارٹی کو نشانہ بنایا جاتا رہا، آصف زرداری پہلی بار منتخب ہوئے تو کوئی سیاسی قیدی نہیں تھا' بلاول بھٹو

کراچی (انٹرنیوز) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نے کہا ہے کہ سیاسی طور پر کسی کو نشانہ بنانے کی حامی ہیں نہ ریاستی اداروں کو اس مقصد کیلئے استعمال ہونا چاہئے، ہمیشہ نیب کے نظام احتساب کی مخالفت کی، بانی پی ٹی آئی نے اپنے دور میں سیاسی قیدیوں کیلئے جیل مینوتک تبدیل کیا، اب مینوتبدیلی، سہولیات فراہمی کی استدعاء ہو رہی ہے۔ آکسفورڈ یونین سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو نے کہا کہ پاکستان سمیت دیگر ممالک کو جمہوریت سے متعلق مختلف چیلنجز کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی جمہوریت پر یقین رکھتی ہے، ہمارا میثاق جمہوریت میں اہم کردار تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اپنے دور میں اپوزیشن کو مصروف رکھا، قومی سیاست میں ضرورت پڑنے پر پیپلز پارٹی نے ہی ساتھ دیا ہے۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 43)

لاہور، عدالت سے فرار قتل کے 2 ملزمان دوبارہ گرفتار

ملزم شیرزمان گرین ٹاؤن پولیس جبکہ ملزم حمزہ اکبری گیٹ کو قتل مقدمات میں مطلوب تھا

لاہور (انٹرنیوز) عدالت سے فرار قتل کے دو ملزمان کو دوبارہ گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق سیشن کورٹ لاہور سے فرار ہونیوالے قتل کے 2 ملزمان حمزہ اور شیرزمان کو بہاولپور سے دوبارہ گرفتار کرلیا گیا۔ حکام کے مطابق عدالت سے ہتھکڑیاں چھڑوا کر فرار (بقیہ نمبر 13)

موسمی خرابی، 6 پروازیں منسوخ، 13 تاخیر کا شکار

لاہور (انٹرنیوز) موسم خرابی کے باعث 6 پروازیں منسوخ، 13 تاخیر کا شکار ہوگئیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق اسلام آباد اور گلگت کی 4 پروازیں پی کے 601، (بقیہ نمبر 12)

چیئرپرسن حنا پرویز بٹ زیادتی کا شکار لڑکی کی عیادت کررہی ہیں

پنجاب وائلڈ لائف فورس میں پہلی بار خواتین کی شمولیت

سپروائزر کی آسامیوں پر کامیاب ہونے والی خواتین کی شرح 47.2 فی صد ہے

لاہور (انٹرنیوز) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جنگلات اور جنگلی حیات کے تحفظ کے لیے پنجاب وائلڈ لائف فورس میں پہلی بار خواتین کو شامل کرلیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب کی پہلی وائلڈ لائف فورس بنانے کا عمل جاری ہے۔ پنجاب وائلڈ لائف فورس میں 22 فی صد سے زائد کی شرح سے خواتین کی سلیکشن کی گئی۔ وائلڈ لائف سپر وائزر (بقیہ نمبر 21)

فٹبال سٹیڈیم کی بلڈنگ اور لائٹنگ پول زنگ الود ہوکر زمین بوس ہونے کو تیار

سماجی حلقوں کا ڈپٹی کمشنر جہلم اور اسسٹنٹ کمشنر پنڈدادنخان سے نوٹس لینے کا مطالبہ

پنڈدادنخان (سرفراز عباس سے) کھیوڑہ میں کچھ عرصہ قبل تقریباً سات کروڑ کی خطیر رقم سے بننے والے فٹبال سٹیڈیم کی بلڈنگ اور بالخصوص لائٹنگ پول محکمہ سپورٹس بورڈ پنجاب سپورٹس آفیسر جہلم اور سپورٹس آفیسر پنڈدادنخان کی عدم توجہ کی وجہ سے زنگ الود ہوکر زمین بوس ہونے کو تیار ہیں۔ سماجی حلقوں کا ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس اور اسسٹنٹ کمشنر پنڈدادنخان (بقیہ نمبر 22)

حماس' اسرائیل کا قیدیوں کی رہائی لاشوں کے تبادلے پر اتفاق

حماس 4 اسرائیلی مغویوں کی لاشیں مصر کے ذریعے اسرائیل کے حوالے کرے گے

تل ابیب (انٹرنیوز) حماس اور اسرائیل کے درمیان قیدیوں کی رہائی اور یرغمالیوں کی لاشوں کے تبادلے سے متعلق معاہدے پر اتفاق ہوگیا جس کے بعد جنگ بندی برقرار رکھی جائے گی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق حماس نے کہا ہے کہ انہوں نے 600 سے زائد فلسطینی قیدیوں کی رہائی پر ثالثوں کے ساتھ معاہدہ کیا ہے جنہیں اسرائیل نے گزشتہ ہفتے رہا کیا (بقیہ نمبر 23)

تہران، امریکہ اور اسرائیل کے حملے کا خدشہ

ایران نے جوہری تنصیبات کے تحفظ کیلئے بڑا قدم اٹھالیا

تہران (آئی آئی پی) ایران نے اپنی جوہری تنصیبات کے گرد دفاعی نظام کو مزید مضبوط کردیا ہے کیونکہ اسے خدشہ ہے کہ امریکہ اور اسرائیل مشترکہ طور پر ان پر حملہ کر سکتے ہیں۔ برطانوی اخبار ٹیلی گراف کی رپورٹ کے مطابق تہران نے اپنے حساس جوہری اور میزائل مراکز کے گرد اضافی فضائی دفاعی نظام تعینات (بقیہ نمبر 24)

لاہور' 10 سالہ بچے سے زیادتی کی کوشش کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور (آئی آئی پی) پولیس نے 15 کال پر فوری ریسپانس کرتے ہوئے 10 سالہ بچے سے زیادتی کی کوشش کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ رپورٹ کے مطابق ملزم زمان (بقیہ نمبر 25)

UAE کا بلوچ طلباء کیلئے سکالرشپ پروگرام کا اعلان

یہ سکالرشپ ان کے تعلیمی سفر میں سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے

کوئٹہ (انٹرنیوز) متحدہ عرب امارات نے بلوچستان کے طلبا کو اعلیٰ تعلیم کی فراہمی کیلئے سکالر شپ فراہم کرنیکا اعلان کردیا۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان کے مختلف اضلاع سے 5 طالبات سمیت 25 طلباء کو تحریری امتحانات کے بعد منتخب کیا گیا ہے، سکالرشپ حاصل کرنیوالے طلبا یو اے ای کے بہترین تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کرینگے۔ جاری بیان کے (بقیہ نمبر 31)

پیکا ترمیم کیخلاف درخواست' وفاقی حکومت سے جواب طلب

پیکا ایکٹ کے تحت ہونیوالی کارروائیوں کو درخواست کے حتمی فیصلے سے مشروط کیا جائے

لاہور (انٹرنیوز) لاہور ہائی کورٹ نے پیکا ایکٹ ترمیم کیخلاف درخواست پر وفاقی حکومت ودیگر حکام کو نوٹس جاری کر کے جواب طلب کرلیا۔ بدھ کو لاہور ہائیکورٹ میں پیکا ایکٹ میں ترمیم کیخلاف دائر درخواست پر سماعت ہوئی۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ پیکا بل متعلقہ اسٹیک ہولڈرز اور صحافتی تنظیموں کی مشاورت کے بغیر لایا گیا، (بقیہ نمبر 32)

آسٹریا میں پہلا روزہ یکم مارچ کو ہونے کا اعلان

اسلامی نظریاتی کونسل آسٹریا کے مطابق یکم مارچ بروز ہفتہ کو پہلا روزہ ہوگا

ویانا (آئی آئی پی) آسٹریا میں اسلامی نظریاتی کونسل نے ملک بھر میں پہلا روزہ یکم مارچ کو ہونے کا اعلان کردیا۔ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے کے آتے ہی مساجد کی رونقوں میں مزید اضافہ ہوجاتا ہے، آسٹریا میں مساجد کی انتظامیہ نے رمضان المبارک میں نماز تراویح، سحری اور افطاری کے شیڈول مرتب کر لیے ہیں۔ اسلامی نظریاتی کونسل (بقیہ نمبر 37)

یونائیٹڈ گروپ آف کالجز شورکوٹ سٹی کیمپس میں طلباء وطلبات کیلئے ٹیلنٹ ٹیسٹ کے انعقاد کا منظر

یونائیٹڈ گروپ سٹی کیمپس میں ٹیلنٹ ٹیسٹ کا انعقاد

علم حاصل کرنا ملک وقوم کی ترقی کے لیے انتہائی ضروری ہے' فیصل سروہی

شورکوٹ (نمائندہ عوامی للکار) یونائیٹڈ گروپ آف کالجز شورکوٹ سٹی کیمپس میں میٹرک کے طلبا اور طالبات کیلئے ٹیلنٹ ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا جس میں شورکوٹ شہر اور مضافات میں سے تقریباً تین سو طلبا اور طالبات نے شمولیت اختیار کی ٹیلنٹ ٹیسٹ کے انعقاد کا مقصد شورکوٹ کے طلبا و طالبات میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا جذبہ اجاگر (بقیہ نمبر 38)

کشمور پولیس کا منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

دو مطلوب/ اشتہاری ملزمان شراب سمیت گرفتار

کشمور (سید رشید احمد شاہ) ایس ایس پی ضلع کشمور کندھ کوٹ زبیر نظیر احمد شیخ PSP کی ہدایات پر اے ایس پی کندھکوٹ محمد نعمان ظفر کی سربراہی میں کشمور پولیس کی ایک اور کامیاب کارروائی۔ تھانہ اے ڈویژن کندھکوٹ کے ایس ایچ او محمد صادق عباسی اور ان کی ٹیم نے دورانِ گشت شہر کے اندر دو مطلوب واشتہاری ملزمان کو شراب سمیت گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے نام۔ امر لال ولد نارائن داس بلاول عرف عاشق ولد حاکم علی نصیرانی۔

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

پوپ فرانسس کی حالت بدستور تشویشناک، علاج جاری

روم (انٹرنیوز) کیتھولک عیسائیوں کے مذہبی پیشوا پوپ فرانسس کی حالت بدستور تشویشناک، علاج جاری ہے۔ ویٹیکن کے بیان کے مطابق پوپ کی صحت مستحکم مگر بدستور (بقیہ نمبر 11)

یکم مارچ سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی متوقع

بینچ مارک برینٹ کی قیمتیں عام طور پر گزشتہ 10 دنوں کے دوران مستحکم رہی ہیں

اسلام آباد (آئی آئی پی) بین الاقوامی مارکیٹ میں تیل کی قیمتیں 3 فیصد کم ہونے کے باوجود پاکستان میں یکم مارچ سے پٹرول مہنگا ہونیکا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق پیٹرول کی قیمت میں تقریباً 4 روپے فی لیٹر اضافے جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزل (ایچ ایس ڈی) (بقیہ نمبر 10)

غزہ تعمیر نو امریکا کا جلد ڈویلپرز ماہرین تعمیرات کا اس بلانیکا فیصلہ

جلد ہی سب سے بڑے رئیل اسٹیٹ ڈویلپرز' عرب ڈیزائنرز اور ڈویلپرز کے ساتھ ایک سربراہی اجلاس منعقد کریں گے

بہت سے ممالک نے غزہ کے رہائشیوں کیلئے کسی قسم کے مستقل حل کا حصہ بننے کیلئے امریکا سے رابطہ کیا' اسٹیون وٹکوف

غزہ (انٹرنیوز) امریکا نے غزہ کی تعمیر نو کے لیے جلد رئیل اسٹیٹ ڈویلپرز اور ماہرین تعمیرات کا ایک سربراہی اجلاس منعقد کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم جلد ہی مشرق وسطیٰ کے سب سے بڑے رئیل اسٹیٹ ڈویلپرز اور بہت سے عرب ڈیزائنرز اور ڈویلپرز کے ساتھ ایک سربراہی اجلاس منعقد کریں گے تاکہ غزہ کی پٹی کی تعمیر نو کے منصوبے پر تبادلہ خیال کیا جاسکے۔ بلومبرگ کے مطابق (بقیہ نمبر 26)

الخدمت کے تحت پنجاب چورنگی پر ہیلتھ سروسز کا افتتاح چیف ایگزیکٹیو الخدمت نوید علی بیگ کر رہے ہیں

حکومت پنجاب کی الیکشن کمیشن کو بلدیاتی انتخابات بارے جلد قانون سازی کی یقین دہانی

اسلام آباد (انٹرنیوز) حکومت پنجاب نے الیکشن کمیشن کو بلدیاتی انتخابات بارے جلد قانون سازی کی یقین دہانی کروا (بقیہ نمبر 27)

سعودیہ سمیت 7 ممالک نے مزید 60 پاکستانی واپس بھجوادیئے

کراچی (انٹرنیوز) سعودیہ سمیت 7 ممالک نے مزید 60 پاکستانیوں کو مختلف وجوہات پر بے دخل کردیا۔ امیگریشن ذرائع کے مطابق گزشتہ 48 گھنٹوں میں سعودی عرب (بقیہ نمبر 28)

ناقص حکومتی پالیسیاں' 100 ٹیکسٹائل یونٹ بند ہوگئیں

ایکسپورٹرز پر 10 فیصد سپر ٹیکس عائد کیا گیا ہے' چیئرمین اپٹما

فیصل آباد (آئی آئی پی) آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن (اپٹما) کے چیئرمین کامران ارشد نے کہا ہے کہ ناقص حکومتی پالیسیوں کے باعث 100 ٹیکسٹائل یونٹ بند ہوچکے ہیں۔ جاری بیان میں چیئرمین اپٹما کا کہنا تھا کہ ٹیکسٹائل انڈسٹری کی (بقیہ نمبر 29)

سب کٹھ پتلیاں، ملک میں حکومت نام کی چیز نہیں، عمر ایوب

جمہوریت، آئین، قانون کی بحالی کیلئے سڑکوں، پارلیمنٹ اور عدالتوں میں جنگ کریں گے، اپوزیشن لیڈر کی میڈیا گفتگو

بلوچستان کے حالات تشویشناک' خاص طور پر کوہلو، پنجگور، گوادر، کیچ اور دیگر 4 اضلاع میں حکومتی رٹ مکمل ختم ہوچکی

اسلام آباد (انٹرنیوز) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے کہا ہے کہ سب کٹھ پتلیاں، ملک میں حکومت نام کی کوئی چیز نہیں، جمہوریت، آئین، قانون کی بحالی کیلئے سڑکوں، پارلیمنٹ اور عدالتوں میں جنگ کریں گے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے (بقیہ نمبر 30)

فیصل آباد۔ ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری جرمن بنک کے ماہرین سے ملاقات کررہے ہیں

بابر اعوان کا جیل میں 2 سال سے قید بیگناہ افراد کی رہائی کا مطالبہ

تحریک تحفظ آئین کا اجلاس نہ ہونے دینے کا مطلب نظام آئین کیخلاف' سپریم کورٹ پیکا ایکٹ کیخلاف درخواستیں یکجا سنے

پیکا قانون بارے پانچوں ہائیکورٹس میں پٹیشنز آگئی' سپریم کورٹ میں بھی آرٹیکل 184(3) کے تحت پٹیشن دائر ہے

اسلام آباد (انٹرنیوز) رہنماء پی ٹی آئی بابر اعوان نے جیلوں میں 2 سال سے قید بیگناہ افراد کی رہائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ کہ تحریک تحفظ آئین کا اجلاس نہ ہونے دینے کا مطلب نظام آئین کے خلاف ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو میں بابر اعوان نے کہا کہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کا جلسہ نہیں، اجلاس تھا وہ بھی نہیں ہونے دیا گیا، اس کا مطلب ہے کہ یہ نظام آئین کیخلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ پھر بھی لوگ نکلیں گے اور آواز اٹھتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ پیکا قانون کے حوالے سے پانچوں ہائیکورٹس (بقیہ نمبر 39)

ضرورت
نمائندگان
دنیا بھر سے میل / ای میل
نمائندگان کی فوری ضرورت ہے
آپ صحافی بننا چاہتے ہیں
آپ کو لکھنے کا شوق ہے
آپ کو تلاش ہے ایک اچھے پلیٹ فارم کی
تو پھر آئیں ہماری ٹیم میں شامل ہوجائیں۔
بیورو چیف | ڈپٹی بیورو چیف | ڈسٹرکٹ رپورٹر | پولیٹیکل رپورٹر
لیڈی رپورٹر | سٹی رپورٹر | نمائندہ خصوصی | کرائم رپورٹر
نامہ نگار | سٹاف رپورٹر | مارکیٹنگ بزنس رپورٹر | جنرل رپورٹر
نیوز ایجنٹس کی ضرورت ہے
0312-7786354

پنجاب میونسپل اسلحہ لائسنس کمپیوٹرائزیشن شہریوں کو آخری موقع

لائسنس تصدیق کے دوران بے ضابطگی پر متعلقہ کمشنر ذمہ دار افسران، اہلکاروں کیخلاف انکوائری کرے گا

تمام امیدواروں کو پنجاب آرمز رولز 2023ء میں مقرر کردہ لائسنس کی تجدیدی فیس ادا کرنا ہوگی، محکمہ داخلہ پنجاب

لاہور (انٹرنیوز) حکومت پنجاب نے پرانے میونسپل اسلحہ لائسنس ہولڈر شہریوں کو آخری موقع فراہم کرتے ہوئے توثیق وکمپیوٹرائزیشن کا عمل دوبارہ شروع کر دیا۔ ترجمان وزارت داخلہ پنجاب کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ میونسپل اسلحہ لائسنس کی کمپیوٹرائزیشن کی آخری تاریخ 31 دسمبر 2020ء تھی، دسمبر 2020ء تک کمپیوٹرائزڈ نہ ہونے والے میونسپل اسلحہ لائسنس منسوخ کر دیئے گئے (بقیہ نمبر 14)

فیصل آباد۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر تاجر نمائندگان سے میٹنگ کررہے ہیں

اے آئی سے بنائی گئی ٹرمپ اور نیتن یاہو کی غزہ کے ساحلوں پر آرام کرنے کی ویڈیو وائرل

واشنگٹن (انٹرنیوز) مصنوعی ذہانت کی ٹیکنالوجی سے بنائی گئی ٹرمپ اور نیتن یاہو کی ساحل پر بیٹھنے کی ویڈیو وائرل (بقیہ نمبر 15)

سابق رکن پارلیمنٹ کا قتل کیس، 8 ملزمان کو موت کی سزا سنادی گئی

تولس سٹی (انٹرنیوز) تولس کی عدالت نے سابق رکن پارلیمنٹ محمد البراہی کے قتل میں ملوث 8 ملزمان کو سزائے موت کی سزا سنادی گئی، عدالت نے کارروائی میں شریک (بقیہ نمبر 16)

چور مسجد کا دروازہ توڑ کر دن دہاڑے لاکھوں روپے کی مالیت کا سامان لے اڑے

مسجد انتظامیہ کی طرف سے نامعلوم چوروں کے خلاف تھانہ چوآسیدن شاہ میں درخواست دے دی گئی

چوآسیدن شاہ (خاورشہزاد سے) ضلع چکوال تحصیل چوآسیدن شاہ جامع مسجد گلزار مدینہ تنزال کہون میں چور دروزہ توڑ کر دن دہاڑے لاکھوں روپے کی مالیت کا سامان چوری کر کے رفوع چکر ہوگئے۔ امام مسجد نے مسجد انتظامیہ کو تفصیلات سے آگاہ کیا کہ (بقیہ نمبر 17)

برطانوی سفیر مسٹر سوچیس اکاماتسو کو جھال خانوآنہ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ پراجیکٹ بارے بریفنگ دی جارہی ہے

جاسوسی اداروں کا استعمال سن لیں اپنا کام ہوچکا، چکزئی

افسوس آج تک آزادی کے ثمرات نیچے تک نہیں پہنچ سکے، جب عوام کے حق حکمرانی کی بات آتی ہے، جھگڑا ہوجاتا ہے

ہم ایک آدمی ایک ووٹ کی بات کرتے تھے، ہم نے اپنے بزرگوں کی بات نہیں مانی جس وجہ سے مسائل کا شکار ہوئے

اسلام آباد (انٹرنیوز) چیئرمین پشتونخوا ملی عوامی پارٹی محمود اچکزئی نے کہا ہے کہ جاسوسی اداروں کا استعمال کیا جانیوالا نسخہ روس استعمال کر کے ناکام ہوچکا ہے، افسوس آج تک آزادی کے ثمرات نیچے تک نہیں پہنچ سکے، جب عوام کے حق حکمرانی کی بات آتی (بقیہ نمبر 18)

سردار عاصم شیر میکن اور سیکرٹری لائیوسٹاک ثاقب علی عطیل بھینس دودھ مقابلہ کے پوزیشن ہولڈرز میں انعامات تقسیم کررہے ہیں

غزہ میں سردی موسم کا پارہ ہائی، تین شیرخوار بچے جاں بحق

ہسپتال میں سردی کے باعث ہائپوتھرمیا میں مبتلا آٹھ نوزائیدہ بچے آئے، ان میں سے تین کی آمد کے چند گھنٹے بعد ہی موت ہوگئی

تین کی حالت انتہائی تشویشناک' بچے جمی ہوئی حالت میں ہسپتال لائے گئے تھے' انکے جسم منجمد ہوچکے تھے' ہسپتال حکام

غزہ (انٹرنیوز) غزہ میں شدید سردی کے باعث تین شیرخوار بچے جاں بحق ہوگئے۔ غزہ کے فرینڈز آف پیشنٹ چیریٹیبل ہسپتال کے ڈائریکٹر سعید صلاح نے ایک بیان میں کہا کہ ہسپتال میں شدید سردی کے باعث ہائپوتھرمیا میں مبتلا آٹھ نوزائیدہ بچے آئے، ان میں سے تین کی آمد کے چند گھنٹے بعد ہی موت ہوگئی۔ دو کو حالت بہتر ہونے پر ڈسچارج کردیا گیا۔ تین کی حالت انتہائی تشویشناک ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بچے جمی ہوئی حالت میں ہسپتال لائے گئے تھے۔ انکے جسم منجمد ہوچکے تھے۔ خون کی کم گردش کی وجہ سے سنگین علامات (بقیہ نمبر 33)

قم جساف کے صدر والی ڈنو سندھی نے بدامنی کے ساتھ میونسپل کمیٹی کے سی ایم او کے خلاف بھی احتجاجی مظاہرہ کیا

کشمور (سید رشید احمد شاہ) جسٹم جساف کے صدر والی ڈنو سندھی نے بدامنی (بقیہ نمبر 34)

علی اکبر جھنڈ راور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بلال افتخار کیانی امن کمیٹی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سولر نیٹ میٹرنگ سے متاثر ہوئے بغیر بجلی صارفین سے 18 فیصد سیلز ٹیکس وصول کرنے کا حکم

اسلام آباد (انٹرنیوز) وفاقی ٹیکس محتسب نے بجلی تقسیم کار کمپنیوں کو سولر نیٹ میٹرنگ سے متاثر ہوئے بغیر بجلی صارفین سے 18 فیصد سیلز ٹیکس وصول کرنے کا حکم دیتے ہوئے ایف بی آر کو قومی

چکوال کی بیٹی ایمان فاطمہ کے ٹیلنٹ کے نام راجہ مجاہد افسر کا انعام

ایمان فاطمہ کو خوبصورت ایوارڈ ہیں اور پچیس ہزار کیش ہرائز پیش کیا

چکوال (خاورشہزاد سے) معروف سپیکر طالبہ ایمان فاطمہ کی شاندار کامیابیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں اسکول کے طلبہ و طالبات نیز اساتذہ کرام نے بھی شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی معروف بزنس مین اور سوشل ورکر راجہ مجاہد افسر تھے انہوں نے فخر چکوال ایمان فاطمہ کو پاکستان بھر میں ہو (بقیہ نمبر 35)

ناصر CNG
اینڈ آٹو ورکشاپ
CNG اور آٹو پارٹس دستیاب ہیں
فری آئل چینج
مکینک: ناصر محمود 0332-5683901 0345-5259129
مکینک ظفر اقبال 0343-6818018